لطائف المدینة

(عکس مبنی بر نسخۂ خطی منحصر بفرد)

احوال حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہما

(۱۰۰۵-۱۰۷۱ھ/۱۵۹۶-۱۶۶۱ء)

تالیف

شیخ عبدالاحد وحدت بن خواجہ محمد سعید سرہندی

(۱۰۵۰-۱۱۲۶ھ / ۱۶۴۰ - ۱۷۱۴ء)

◎

تحقیق و تعلیق و ترجمہ

محمد اقبال مجددی

◎

حوزۂ نقشبندیہ

کاشانۂ شیر ربانی مکان نمبر ۵، اجمیری سٹریٹ ہجویری محلہ داتا گنج بخش لاہور پاکستان

۱۴۲۵ھ — ۲۰۰۴ء

محمد اقبال مجددی

(مرتب کتاب حاضر)

۱۔ پیدائش: ۱۵ ستمبر ۱۹۵۰ء بمقام قصور (من مضافات لاہور) پنجاب، پاکستان

۲۔ تعلیم: ایم اے تاریخ (درجہ اول) پنجاب یونیورسٹی، لاہور

۳۔ شغل: ایسوسی ایٹ پروفیسر و صدر شعبہ تاریخ گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائنز، لاہور

۴۔ تالیفات

تذکرہ علمائے ساہووالہ، احوال وآثار سید شرافت نوشاہی، احوال وآثار عبداللہ خویشگی قصوری، مقامات مظہری (تحقیق وتعلیق وترجمہ)، حسنات الحرمین (تحقیق وتعلیق وترجمہ)، ملفوظات شریفہ شاہ غلام علی دہلوی (تحقیق وتعلیق) اثبات المولد والقیام (تحقیق وتقدیم) رشحات عنبریہ (تحقیق وتقدیم)، حدیقۃ الاولیاء (تحقیق وتعلیق)، مقاماتِ معصومی (تحقیق وتقدیم وترجمہ)، احوال مشائخ کبار (تحقیق وتعلیق)، زادالمعاد (تحقیق وتقدیم وترجمہ)، معمولات مظہریہ (تحقیق وتقدیم وتعلیق) کمالات مظہریہ (تحقیق وتعلیق) بشارات مظہریہ (تحقیق وتعلیق)، تذکرہ علماء ومشائخ پاکستان وہند (مجموعہ مقالات) زیر طبع

۵۔ مقالات

اب تک تقریباً ایک ہزار تحقیقی مقالات دنیا کے موقر جرائد میں طبع ہو چکے ہیں یہ مضامین معارف (اعظم گڈھ، دارالمصنفین)، برہان (دہلی، ندوۃ المصنفین)، مجلّہ علوم اسلامیہ (علی گڈھ)، اورینٹل کالج میگزین (لاہور)، مجلّہ تحقیق (لاہور)، صحیفہ (لاہور) بصائر (کراچی)

اردو دائرہ معارف اسلامیہ پنجاب یونیورسٹی لاہور (۱۶۔ مقالات)، دانشنامہ جہان اسلام، تہران (۲۰ مقالات)، دانشنامہ زبان وادب فارسی درشبہ قارہ (۲۵۰ مقالات)، تہران، ایران۔

لطائف المدینة

(عکس مبنی بر نسخۂ خطی منحصر بفرد)

احوال حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہما

(۱۰۰۵-۱۰۷۱ھ/۱۵۹۶-۱۶۶۱ء)

تالیف

شیخ عبدالاحد وحدتؔ بن خواجہ محمد سعید سرہندی

(۱۰۵۰-۱۱۲۶ھ / ۱۶۴۰ - ۱۷۱۴ء)

◎

تحقیق و تعلیق و ترجمہ

محمد اقبال مجددی

◎

حوزۂ نقشبندیہ

کاشانۂ شیر ربانی ہمکان نمبر ۵، اجمیری سٹریٹ ہجویری محلہ داتا گنج بخش لاہور

۱۴۲۵ھ — ۲۰۰۴ء

سلسلہ مطبوعات حوزۂ نقشبندیہ۔ 2

نام کتاب	:	لطائف المدینہ
مولف	:	شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی
تحقیق و تعلیق و ترجمہ	:	پروفیسر محمد اقبال مجددی
باہتمام	:	صاحبزادہ میاں جمیل احمد شرقپوری نقشبندی مجددی
پروف ریڈنگ	:	محمد عالم مختار حق
کمپوزنگ	:	محمد عاصم لطیف
مطبع	:	آر۔زیڈ پیکجز' ۲۔کورٹ سٹریٹ لوئر مال' لاہور
اشاعت	:	باراول' نومبر ۲۰۰۴ء
تعداد	:	۵۰۰
قیمت	:	

لائبریری کیٹلاگ کارڈ

وحدت' عبدالاحد سرہندی' شیخ

لطائف المدینہ (ملفوظات و مکاشفات......)

تصوف۔تاریخ ا۔وحدت' عبدالاحد بن خواجہ محمد سعید سرہندی' مولف

۲۔محمد اقبال مجددی' تحقیق و تعلیق وارد و ترجمہ' ۳۔عنوان' ۶۹۷ ۹۲۲

ناشر

حوزۂ نقشبندیہ' کاشانہ شیر ربانی' مکان نمبر ۵' اجمیری سٹریٹ ہجویری محلہ' داتا گنج بخش' لاہور

فون: 042-7313356,0300-4243812,0300-4641828

E-mail:qsrd04@yahoo.com

E-mail:srd04@hotmail.com

www.sher_e_rabbani.com

بقول حضرت خواجہ باقی باللہ قدس سرہ:

''اس شیخ (احمد سرہندی مجدد الف ثانی) کے صاحبزادے جو ابھی کم سِن ہیں اللہ تعالیٰ کے اسرار اور عجیب استعداد کے مالک ہیں' مختصر یہ کہ شجرۂ طیبہ ہیں اللہ تعالیٰ ان کو پروان چڑھائے''
[کلیاتِ خواجہ باقی باللہ (۶۵ مکتوب)]

حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں:
''عروج وزوال کے کسی مقام پر میں محمد سعید کے بغیر نہیں گیا''
(حضرات القدس ۲/۲۳۶)

''(محمد سعید) غم نہ کرو تم میرے ضمنی ہو جس طرح حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سرورِ کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمنی تھے''
(ایضاً ۲/۲۳۷)

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

عرض ناشر

ہم عرصہ دراز سے نقشبندی سلسلہ کی کتابیں شائع کر رہے ہیں' اب خالص علمی و تحقیقی کتب اور مخطوطات کی اشاعت کے لیے حوزۂ نقشبندیہ کے نام سے ایک ادارہ تشکیل دیا ہے' اس کے شائع شدہ پروگرام[1] کے مطابق ''سلسلہ نقشبندیہ کے ایسے خطی نسخے جو منحصر بفرد ہوں کے عکس شائع کیے جائیں گے'' تا کہ ان کے دیگر نسخے دریافت ہونے پر تقابل و تصحیح کے بعد دنیا میں ان کی اشاعت ممکن ہو سکے۔

حوزۂ نقشبندیہ کے کارکن صد مبارک باد کے مستحق ہیں کہ اس پروگرام کو آگے بڑھاتے ہوئے اس سلسلے کا پہلا نادر الوجود قلمی نسخہ ''لطائف المدینہ'' شائع کیا جا رہا ہے جو حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی رحمتہ اللہ علیہ کے احوال پر مشتمل ہے جسے آپ کے صاحبزادے شیخ عبدالاحد وحدت نے سترہ سال کی عمر میں حضرات مجددیہ کے قیام حرمین الشریفین کے دوران (۱۰۶۸ھ/ ۱۶۵۸ء) اہلِ عرب کی استدعا پر آپ کے حین حیات تالیف کیا تھا' اس کا چونکہ اب تک صرف ایک یہی خطی نسخہ دریافت ہوا ہے اس لیے اس کا عکس شائع کیا جا رہا ہے۔

اس پر مفصل مقدمہ' ملخص اردو ترجمہ اور مختصر تعلیقات پروفیسر محمد اقبال مجددی نے لکھے ہیں مخطوطہ کے مولف شیخ وحدت سرہندی قدس سرہ کے احوال و آثار پہلی مرتبہ اتنی تفصیل کے ساتھ لکھے گئے ہیں' امید ہے اہلِ علم اس سے استفادہ کریں گے۔

دعاء جو

میاں جمیل احمد شرقپوری

صدر حوزۂ نقشبندیہ

سجادہ نشین درگاہ حضرت میاں شیر محمد شرقپوری نقشبندی مجددی

حوزۂ نقشبندیہ' لاہور

۸ جولائی ۲۰۰۴ء

---

[1] ۔ رودادحوزۂ نقشبندیہ ۲۰۰۳ء ص ۱۹

فہرست مندرجات

۱۔	عرض ناشر	۴
۲۔	مقدمہ	۷
۳۔	حضرت خواجہ محمد سعید قدس سرہ	۹
۴۔	اورنگ زیب اور نقشبندی مشائخ	۱۳
۵۔	نبائر حضرت مجدد الف ثانی اورنگ زیب کی مصاحبت میں	۲۶
۶۔	حضرات مجددیہ کا سفر حرمین الشریفین	۲۶
۷۔	شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی (مولف لطائف المدینہ)	۲۹
۸۔	ولادت	۲۹
۹۔	تعلیم	۲۹
۱۰۔	کسب سلوک	۳۰
۱۱۔	اسفار حج	۳۳
۱۲۔	ایک غلط فہمی کا ازالہ	۳۷
۱۳۔	بحیثیت شاعر	۴۰
۱۴۔	تالیفات حضرت وحدت	۴۵
۱۵۔	ایک اور غلط فہمی کا ازالہ	۶۲
۱۶۔	حیات حضرت خواجہ محمد سعید کے مآخذ	۶۵
۱۷۔	لطائف المدینہ (ملخص اردو ترجمہ)	۶۹
۱۸۔	مقالہ اول	۷۲

۱۹۔	انتساب طریقہ نقشبندیہ	۷۲
۲۰۔	انتساب طریقہ قادریہ	۷۳
۲۱۔	انتساب طریقہ چشتیہ	۷۴
۲۲۔	طریق مصافحہ	۷۵
۲۳۔	سند حدیث	۷۵
۲۴۔	سند مشکوۃ	۷۶
۲۵۔	مقالہ ثانی	۷۷
۲۶۔	مقالہ ثالث	۷۷
۲۷۔	مقالہ رابع	۷۸
۲۸۔	مقالہ خامس	۸۲
۲۹۔	تعلیقات	۸۳
۳۰۔	مآخذ مقدمہ وحواشی	۹۰
۳۱۔	شجرات ودستاویزات (عکسیات)	۹۷
۳۲۔	لطائف المدینہ (عربی متن کے خطی نسخہ کا عکس)	۱۱۱
۳۳۔	تخریج آیات رسالۃ لطائف المدینہ	۱۹۲

حضرت خواجہ محمد سعید قدس سرہ

حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی رحمتہ اللہ علیہما لطائف المدینہ کے صاحب سوانح ہیں۔

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے چار بڑے صاحبزادگان تھے' حضرت خواجہ محمد صادق (۱۰۰۰۔۱۰۲۵ھ)' حضرت خواجہ محمد سعید (۱۰۰۵۔۱۰۷۱ھ)' حضرت خواجہ محمد معصوم (۱۰۰۷۔۱۰۷۹ھ) اور حضرت شاہ محمد یحیٰ (ف ۱۰۹۶ھ)

حضرت مجدد الف ثانی کے شیخ بزرگوار حضرت خواجہ باقی باللہ علیہ الرحمت (ف ۱۰۱۲ھ) نے حضرت مجدد الف ثانی کے فرزندوں کو ''اسرارِ الٰہی'' فرمایا ہے' لکھتے ہیں:

''اس شیخ کے صاحبزادے جو ابھی کم سن ہیں اللہ تعالیٰ کے اسرار ہیں' عجیب استعداد کے مالک ہیں۔ مختصر یہ کہ شجرہ طیبہ ہیں' اللہ تعالیٰ ان کو پروان چڑھائے''[۱]

حضرت خواجہ محمد سعید آپ کے دوسرے صاحبزادے تھے آپ کی ولادت شعبان ۱۰۰۵ھ کو ہوئی' ابھی بیس سال کے تھے کہ آپ کے بڑے بھائی حضرت خواجہ محمد صادق کا ۱۰۲۵ھ کو طاعون کی وبا کے دوران انتقال ہو گیا' چونکہ خواجہ محمد صادق ایک ذی علم اور متقی فرزند تھے آپ کے دل میں خیال پیدا ہوا کہ اب ایسا فرزند کہاں سے ملے گا؟ آخر اللہ تعالیٰ نے حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم کو وہ تمام صفات عطا فرمائیں جو ان کے برادر بزرگ میں موجود تھیں۔[۲]

حضرت خواجہ محمد سعید ابھی چار پانچ سال کے تھے کہ شدید بیمار ہو گئے' کمزوری کے غلبہ میں آپ سے پوچھا گیا کہ کیا چاہتے ہو تو انہوں نے بے ساختہ کہا کہ حضرت خواجہ (باقی باللہ) کو چاہتا ہوں حضرت مجدد الف ثانی فرماتے ہیں کہ میں نے یہ بات

۱۔ باقی باللہ' خواجہ: کلیات' مکتوب ۶۵' زبدۃ المقامات ۳۰۹

۲۔ ایضاً ۳۱۰

حضرت خواجہ کی خدمت میں عرض کی تو آپ نے فرمایا:

محمد سعید نے رندی اور رقابت اختیار کر کے غائبانہ طور پر ہماری نسبت اچک لی[۱]

حضرت خواجہ نے اپنے مکتوبات بنام حضرت مجدد الف ثانی میں حضرت خواجہ محمد سعید کو شفقت اور محبت سے یاد فرمایا ہے۔

حضرت خواجہ محمد سعید جب سن شعور کو پہنچے تو اپنے والد گرامی سے پڑھا اور پھر اپنے برادر بزرگ خواجہ محمد صادق کی خدمت میں بھی تحصیل کی اور حضرت شیخ محمد طاہر لاہوری (ف ۱۰۴۰ھ) کے حضور تکمیل کی' اس وقت آپ کی عمر صرف سترہ سال تھی[۲]

اسی عمر میں آپ نے علوم منقول و معقول کا کامل استعداد کے ساتھ درس دینا شروع کر دیا تھا۔

حضرت خواجہ محمد سعید نے بعض معتبر کتب درسیہ پر حواشی و تعلیقات بھی لکھے ان میں سے مشکوٰۃ المصابیح پر حواشی میں آپ نے ان احادیث کی صحت اور اہمیت پر بحث کی ہے جو ائمہ حنفیہ کا ماخذ ہیں' علما نے ان تعلیقات کو پسند کیا ہے[۳] آپ کا حاشیہ خیالی بھی بہت متین ہے جس میں خاص دقائق بیان کیے ہیں[۴] آپ نے حضرت مجدد الف ثانی کے حین حیات ''عدم رفع سبابہ در تشہد'' کے موضوع پر رسالہ بھی تالیف کیا تھا' جس کا حضرت مجدد الف ثانی نے خود ذکر فرمایا ہے:

''فرزندی ارشدی محمد سعید دریں باب (رفع سبابہ) رسالہ می نویسد چوں بہ بیاض برسد فرستادہ خواہد شد[۵]''

۱۔ ایضاً ۳۰۹' حضرات القدس ۲/۲۳۴

۲۔ ایضاً

۳۔ زبدۃ المقامات ۳۱۱

۴۔ حضرات القدس ۲/۲۳۴

۵۔ مجدد الف ثانی: مکتوبات ۱/۳۱۲' ۶۶۲

خواجہ محمد ہاشم کشمی لکھتے ہیں:

"ایں مخدوم زادہ سلمہ اللہ بتقریب عدم رفعِ سبابہ در تشہد بمذہبِ مختار حنفیہ رسالہ بنگاشتہ بودند و فرمودند مقصد آنست کہ الویت عدم رفع بہ ثبوت رسد علمائے کہ مثبت رفع سبابہ بودند در اقامت جواب متحیر ماندند[۱]"

حضرت خواجہ محمد سعید کی صرف یہی تصانیف ہیں جن کا معاصرین نے تذکرہ کیا ہے[۲] آپ کے مکتوبات آپ کے صاحبزادے علامہ محمد فرخ نے مرتب کیے جو لاہور سے طبع ہو چکے ہیں۔

حضرت خواجہ محمد سعید نے سلوک کی تعلیم اپنے والد گرامی حضرت مجدد الف ثانی سے حاصل کی اور تاحیات منازلِ سلوک میں عروج کی مشق جاری رہی جو حضرت مجدد الف ثانی کے مکتوبات[۳] اور خود مکتوبات سعیدیہ سے عیاں ہے۔

آپ اپنے حضرت والد کے اسرار کو سب سے زیادہ جاننے والے تھے آپ کی روحانیت کی تعریف کرتے ہوئے حضرت مجدد الف ثانی نے فرمایا

عروج وزوال کے کسی مقام پر میں محمد سعید کے بغیر نہیں گیا[۴]

حضرت مجدد الف ثانی نے یہ بھی فرمایا کہ جب میرا نزول حضرت شیخ عبدالقادر

۱۔ زبدۃ المقامات ۳۱۰، حضرات القدس ۲/ ۲۳۵، عمدۃ المقامات ۲۲۷۔۲۲۸ حضرات مجددیہ کے مابین رفع سبابہ اور عدم رفع سبابہ کے موضوع پر اختلاف رہا ہے اس موضوع پر حضرات کے رسائل کی تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو مقامات مظہری پر ہمارے تعلیقات ۵۵، ۴۹۳۔۴۹۴ (طبع دوم)

۲۔ محترم ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے تحقیقات نام کی ایک کتاب خواجہ محمد سعید سے منسوب کی ہے جو ان کی نہیں ہے تفصیل کے لیے اسی مقدمہ کا عنوان "ایک غلط فہمی کا ازالہ" ملاحظہ کریں۔

۳۔ تفصیل کے لیے دیکھیے معارف مکتوبات امام ربانی مرتبہ محمد نعیم اللہ خیالی اور فہارس تحلیلی ہشتگانہ مکتوبات مرتبہ آرتھر بیولر

۴۔ حضرات القدس ۲/ ۳۲۶

جیلانی قدس سرہ کے مقام میں واقع ہوا تو میں نے دیکھا کہ محمد سعید میرے ہمراہ تھے[1]

حضرت مجدد الف ثانی نے فرمایا:

(محمد سعید) غم نہ کرو تم میرے ضمنی ہو جس طرح حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضور سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے ضمنی تھے[2]

حضرت خواجہ محمد سعید کا وصال ۲۷ جمادی الآخر ۱۰۷۱ھ[3] کو دہلی سے سرہند جاتے ہوئے سنبھالکہ کے مقام پر ہوا نعش مبارک سرہند شریف لا کر آپ کے برادر بزرگ خواجہ محمد صادق کے مزار کے قریب دفن کی گئی۔[4]

حضرت خواجہ محمد سعید کے آٹھ صاحبزادے اور پانچ صاحبزادیاں تھیں' شاہ عبداللہ' شاہ لطف اللہ' مولوی علامہ محمد فرخ اور بی بی فاطمہ زوجہ اول ماہ جانی بنت شیخ محمد صدیق فاروقی تھانیسری کے بطن سے تھے اور شیخ سعد الدین' شیخ عبدالاحد وحدت' شیخ خلیل اللہ' شیخ محمد یعقوب' شیخ محمد تقی' بی بی صالحہ' بی بی شاکرہ' شرف النساء مریم' فخر النساء بیگم' دوسری زوجہ صاحبہ بیگم (از اولاد حضرت غوث اعظم شیخ عبدالقادر جیلانی قدس سرہ) کے بطن سے تھے[5] ان حضرات کی اولاد کے اسماء کو ہم نے بصورت شجرات مرتب کر دیا ہے۔

۱۔ ایضاً ۲/۲۳۶ ۲۔ ایضاً ۲/۲۳۷

۳۔ وحدت' عبدالاحد: چہار چمن ۱۴۹' دیوان وحدت ورق ۲۳۹۔ا

عمدۃ المقامات ۲۳۴۔۲۳۶

مولف روضۃ القیومیہ نے حضرت خواجہ محمد سعید کا سال وصال ۱۰۷۰ھ لکھا ہے (۱/۲۹۲) جس کا اکثر تذکرہ نویسوں نے اتباع کیا ہے' ہم نے حضرت خواجہ کے فرزند گرامی حضرت وحدت کے قطعہ تاریخ (۱۰۷۱ھ) کو ترجیح دی ہے۔

۴۔ عمدۃ المقامات ۲۳۷

۵۔ احمد ابو الخیر مکی: ہدیۂ احمدیہ ۹' بعض امور کی تفصیل کے لیے مقامات معصومی پر تعلیقات ملاحظہ کریں۔

اورنگ زیب اور نقشبندی مشائخ

نقشبندی مشائخ کے سب سے زیادہ خوشگوار تعلقات اورنگزیب عالمگیر کے ساتھ تھے اور حضرت مجدد الف ثانی جس قسم کے بادشاہِ اسلام کو ہندوستان کے تخت پر دیکھنا چاہتے تھے وہ تمام اوصاف اورنگزیب میں موجود تھے۔ گویا حضرات مجددیہ کی تحریک احیاءِ دین داراشکوہ کے مقابلے میں اورنگزیب کی کامیابی کی صورت میں نمایاں ہوئی۔

اورنگزیب آغاز سے ہی حضرت مجدد الف ثانی کی تعلیمات سے متاثر تھا چنانچہ تخت نشینی (۱۰۶۸ھ/۱۶۵۹ء) سے بہت پہلے حدود ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء کو وہ باقاعدہ بیعت ہونے کے لیے سرہند شریف حاضر ہوا جہاں اسے ''سلطنت'' کی خوش خبری دی گئی تھی۔[۱] خواجہ سیف الدین بن حضرت خواجہ محمد معصوم نے جن کا صاحبزادگان مجددیہ میں اورنگزیب کے ساتھ سب سے زیادہ ''ربط و ضبط'' تھا' اورنگزیب کے طریقۂ نقشبندیہ میں بیعت ہونے کا تذکرہ واضح الفاظ میں کیا ہے' لکھتے ہیں:

''مختفی نہ ماند کہ بادشاہ (اورنگزیب) بہ دخولِ طریقۂ علیہ مشرف گشتہ بسیار متاثر گشت سہ صحبت با حضرت ایشاں (خواجہ محمد معصوم) داشت۔[۲]''

مقاماتِ معصومی جیسی مستند کتاب میں بھی اورنگزیب کے حضرت خواجہ محمد معصوم سے بیعت ہونے کا تذکرہ خصوصیت سے کیا گیا ہے۔

شیخ آدم بنوڑی اور خواجہ محمد معصوم کے مرید شیخ محمد امین بدخشی نے بھی لکھا ہے کہ اورنگزیب حضرت خواجہ محمد معصوم کا مرید تھا اور اس نے آپ سے ''دائمی صحبت'' کے لیے کہا تھا جسے آپ نے قبول نہ کیا۔[۳]

۱۔ کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۲/ ۳۸۔۳۹

۲۔ سیف الدین' خواجہ: مکتوبات ۸۳/ ۱۲۳

۳۔ محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین ۱۷۸۔۱

اورنگزیب کے ساتھ مجددی حضرات کے تعلقات کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اول تخت نشینی سے پہلے یعنی اس کی شہزادگی کے زمانے کے مراسم اور دوسرے بادشاہ بننے کے بعد......

حضرت خواجہ محمد سعید کے اورنگزیب کے نام ۹ مکاتیب ہیں جن میں سے پانچ خطوط اس کی شہزادگی کے زمانے میں لکھے گئے ہیں۔[۱] ایک خط میں اسے شہزادہ دیندار لکھا ہے۔[۲] اور وضاحت کی ہے کہ اس زمانے میں ''ظلمات' محدثات اور بدعات'' کا ہر طرف دور دورہ ہے اور ان کا خاتمہ تمہاری ذات سے وابستہ ہے' یہ مکتوب دراصل اورنگزیب کے ایک خط کے جواب میں لکھا گیا ہے جس میں اس نے ان بدلتے ہوئے حالات کو درست کرنے کے لیے دعا کی درخواست کی تھی' اس مکتوب کے آخر میں حضرت مجدد الف ثانی کے نواسے اور اپنے ہمشیرہ زادے خواجہ محی الدین کے لیے سفارش کی ہے کہ انہیں ''محرم بارگاہِ سلطنت'' بنا لیں۔[۳] اس سے قیاس قوی ہو جاتا ہے کہ خواجہ محی الدین اس کی تخت نشینی سے پہلے ہی اس کے ساتھ رہتے تھے۔

ایک اور مکتوب میں اورنگزیب کو مرید اور مریدی کا مفہوم جس طریقے سے سمجھایا ہے وہ ایک مرید کو ہی سمجھایا جا سکتا ہے گویا اس مکتوب سے بھی اورنگزیب کے اس خانوادے سے بیعت ہونے کا مفہوم قیاس کیا جا سکتا ہے۔ اسے شہزادہ دیندار لکھنے کے بعد حسبِ ذیل بامعنی القاب سے نوازا ہے:

ناصر الملۃ البیضاء' مروج الشریعۃ الغرا و موید الدین القیم' مُشید احکام الصراط المستقیم......[۴]

اورنگزیب کی شہزادگی کے زمانے میں لکھے گئے تیسرے مکتوب میں اسے یہ بتایا ہے

۱۔ محمد سعید سرہندی' خواجہ: مکتوباتِ سعیدیہ' مکتوب ۴۵' ۴۶' ۶۵' ۸۲' ۸۴

۲۔ ایضاً: مکتوب ۴۵، ۳۔ ایضاً ۴۵/۱۰۱

۴۔ ایضاً ۴۶/۲۰۲

کہ ان ایام میں اسلام کی غربت انتہا کو پہنچ گئی ہے اور تم سے امید وابستہ ہے کہ اس کی عظمتِ رفتہ کو بحال کرو گے:

ذات اشرف ایشاں محی قوائم دین قویم......

اسی مکتوب میں یہ بتایا ہے کہ میرا بیٹا محمد لطف اللہ ان دنوں تمہارے پاس ہے اور ''محرم سُدّہ علیا'' ہے۔[۱] گویا آپ کے بھانجے خواجہ محی الدین تو پہلے ہی اورنگزیب سے وابستہ تھے اب آپ کے صاحبزادے خواجہ محمد لطف اللہ بھی اورنگزیب کے ساتھ رہنے لگے تھے۔ ظاہر ہے کہ ان صاحبزادگان کا اورنگزیب کے ساتھ رہنے کا مقصد ترویجِ شریعت میں اس کی مدد کرنا تھا۔

دکن کی شیعہ ریاستوں میں ایران کی دلچسپی شروع سے ہی تھی ایک تو مذہبی یگانگت کی وجہ سے دوسری وجہ سنی ترکوں اور شیعہ ایرانیوں میں مسلسل جنگ کا طویل سلسلہ جاری تھا۔ مغل سلاطین خود کو ترکی کے خلیفہ کے ماتحت سمجھتے تھے اور ایران کو ہمیشہ یہ خطرہ لگا رہتا تھا کہ اگر مغلوں نے ان کے حکم سے ہندوستان کی طرف سے ایران پر حملہ کر دیا تو ایران ان کے درمیان پس کر تباہ ہو جائے گا۔ اس لیے وہ یہ چاہتا تھا کہ مغل حکومت اور دکن کی ریاستیں آپس میں لڑتی رہیں اور انہیں ہماری طرف توجہ کرنے کی فرصت ہی نہ مل سکے' ایران یہ بھی چاہتا تھا کہ ہندوستان کی مغل حکومت کو تباہ کر کے بنگال سے بغداد تک ایک وسیع شیعہ حکومت قائم کر لی جائے' منشآت طاہر وحید ایسے شواہد سے بھری پڑی ہے۔ مغلوں کو معلوم تھا کہ دکن میں جمعہ کے خطبات میں خلفائے ثلاثہ پر تبرا و سب وشتم کیا جاتا ہے' اس لیے شاہ جہاں نے گولکنڈہ کے حکمران قطب الملک سے ۱۰۴۵ھ/۱۶۳۶ء کو ایک معاہدہ کیا جس کی رو سے یہ طے پایا کہ قطب الملک اپنی حدودِ مملکت میں جمعہ میں شاہ جہان کا نام شامل کرے اور خلفائے راشدین کے ناموں کے ساتھ سب وشتم کا سلسلہ ختم کر دے گا۔ اس پر کم مدت تک عملدرآمد ہوا لیکن جلد ہی وہ

---

[۱] ۔ایضاً ۶۵/۱۲۱

اس معاہدے سے پھر گیا تو شاہ جہاں نے اسے لکھا کہ تم ان شیعہ خطیبوں کو سزا دو جو صحابہ کرامؓ پر تبرّی کرتے ہیں اگر تم نے ایسا نہ کیا تو پھر مجھ پر یہ فرض ہے کہ میں تمہاری ریاست پر قبضہ کرلوں اور ایسی صورت میں میرے لیے تمہاری جائیدادیں ضبط کرنا اور تمہارا خون بہانا جائز ہوگا۔ شاہ جہاں کا خط پڑھ کر اس نے سبِ صحابہ پر پابندی لگا دی لیکن جو زیادہ دیر تک قائم نہ رہ سکی اور ۱۰۶۶ھ/ ۱۶۵۵ء کو پھر یہ سلسلہ شروع ہو گیا۔ ان حالات میں اورنگزیب نے گولکنڈہ کا محاصرہ کرلیا چونکہ ان دنوں وہ شاہ جہاں کی طرف سے ''نظامتِ دکن'' پر مامور تھا۔[۱]

حضرت مجددالف ثانی اور آپ کے جانشینوں کو ہندوستان میں شیعیت کے بڑھتے ہوئے اثرات کا شدت سے احساس تھا ان حضرات نے اپنے مکاتیب میں عقائدِ شیعہ کے خلاف بھرپور طریقہ سے احتجاج کیا ہے ان حالات میں حضرت خواجہ محمد سعید نے اس محاصرہ گولکنڈہ کے دوران اورنگزیب کو جو خط لکھا تھا وہ اس کی پوری ترجمانی کرتا ہے۔[۲]

شاہزادگی کے زمانے کا آخری خط حضرت مجدد الف ثانی کے تینوں صاحبزادگان کی طرف سے مشترکہ طور پر لکھا گیا[۳] اس میں اورنگزیب کو اپنے عزم سفر حرمین الشریفین کی اطلاع دی ہے اور یہ سفر عین اورنگزیب کی اپنی بھائیوں کے ساتھ جنگ تخت نشینی کے دوران اختیار کیا گیا تھا ان حضرات نے حرمین الشریفین جا کر ہندوستان میں اسلام کے نفاذ اور دفعِ بدعات کے لیے دعا کرنے کا بھی ذکر کیا ہے۔[۴]

اورنگزیب جیسا کہ ہم وضاحت کر چکے ہیں طریقۂ نقشبندیہ میں بیعت تھا۔ اس کی

۱۔ تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو:

مقدمہ رقعات عالمگیر ۲۷۴۔ ۳۰۷ (ملخصاً)

۲۔ محمد سعید، خواجہ: مکتوبات ۸۲/۱۴۳، ۱۴۳، ۳۔ ایضاً ۸۴/ ۱۴۵

۴۔ تفصیل کے لیے حسنات الحرمین پر ہمارا مقدمہ ملاحظہ کریں

یہ بیعت بقول خواجہ سیف الدین سرہندی حضرت خواجہ محمد معصوم سے تھی۔[۱] حضرت خواجہ محمد معصوم نے بھی اس کی مختلف مہمات کو جہاد قرار دیا ہے۔ محاصرہ گولکنڈہ کو آپ کے برادر بزرگ خواجہ محمد سعید جہاد قرار دے چکے تھے، خواجہ محمد معصوم نے بھی اسے یہی درجہ دیتے ہوئے لکھا کہ میں اس قسم کے جہاد میں عملی حصہ لینے سے قاصر ہوں اگر فقراء سالہا سال تک ریاضت کریں تب بھی وہ اس جہاد میں شریک ہونے والوں کی گرد کو نہیں پہنچ سکتے ہیں، فرماتے ہیں:

افسوس کہ ایں دور از کار ازیں قسم نعمتِ خوشگوار بحسب ظاہر محروم است...... اگر فقرائے اہلِ عزلت سالہا ریاضت کنند وار بعینات کشند بگردِ ایں عمل نرسند......[۲]

شاہ جہاں کے بیٹوں کے مابین تخت نشینی کی جنگ میں اورنگزیب کو سیاسی، سماجی اور مذہبی اعتبار سے راسخ العقیدہ مسلمان طبقات کی حمایت حاصل تھی اس لیے دارا نے اس کے مقابلے میں آزاد خیال گروہوں کی ہمدردیاں حاصل کرنے کی کوشش کی جس کی وجہ سے جانشینی کی یہ جنگ نظریاتی جنگ بن گئی، ہندو اور آزاد خیال طبقہ ہندوستان کے تخت پر اکبر جیسا حکمران دیکھنا چاہتا تھا اور راسخ العقیدہ امراء اور علماء و صوفیہ دین دار اور دین پرور بادشاہ چاہتے تھے، اول الذکر گروہ کو دارا کے روپ میں اکبر نظر آتا تھا تو ثانی الذکر گروپ اورنگزیب میں وہ تمام اوصاف پاتا تھا جن کا تذکرہ حضرت مجدد الف ثانی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی کی تحریرات میں ملتا ہے۔ جنگِ تخت نشینی میں خانوادہ مجددیہ کی ہمدردیاں واضح طور پر اورنگزیب کے ساتھ تھیں، عین

۱۔ سیف الدین، خواجہ: مکتوبات ۸۳/ ۱۲۳

۲۔ محمد معصوم، خواجہ: مکتوبات ۱/ ۶۴/ ۱۸۰

ہم نے حسنات الحرمین کے مقدمہ (ص ۱۱۲۔۱۱۳) میں قیاس آرائی کی تھی کہ حضرت خواجہ کا یہ مکتوب اورنگزیب کی مہم قندھار سے متعلق ہے لیکن اب سیاق وسباق اور مکتوبات سعیدیہ کے منقولہ بالا اقتباس سے واضح ہوا ہے کہ اس کا تعلق مہم گولکنڈہ سے ہے۔

انہی ایام میں جب حضرات سرہند نے سفرِ حج اختیار کیا تو اورنگزیب نے حضرت خواجہ محمد معصوم سے کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کی' مقاماتِ معصومی میں یہ روایت ملتی ہے کہ سفر پر روانگی سے قبل حضرت خواجہ نے اورنگزیب کو بادشاہت کی بشارت تحریری طور پر دی تھی۔[۱] حضرت مجدد الف ثانی کے نامور خلیفہ حضرت شیخ آدم بنوڑی (ف ۱۰۵۳ھ/۱۶۴۳ء) جو جنگِ تخت نشینی سے قبل فوت ہو چکے تھے کو عالم رویا میں نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حکم دیا کہ وہ عالمِ مکاشفہ میں اپنے خلفاء سے کہیں کہ وہ اس جنگ میں اورنگزیب کے لشکر میں شریک ہو جائیں۔[۲] اسی طرح جنگِ تخت نشینی کے ایام میں اورنگزیب کا ایک حامی امیر نواب قطب الدین خان[۳]' شیخ آدم بنوڑی کے خلیفہ شیخ عبدالخالق قصوری کی خدمت میں حاضر ہوا اور اورنگزیب کی کامیابی کے لیے دعا کی درخواست کی چنانچہ انہوں نے کامیابی کے لیے دعا کی۔ فتح مندی کے بعد نواب پھر آیا اور شیخ سے کہا کہ بطور مدد معاش ایک گاؤں آپ کی نذر ہے لیکن آپ نے یہ کہتے ہوئے قبول کرنے سے انکار کر دیا کہ میں نے یہ دعا محض اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے لیے کی تھی کسی لالچ کے لیے نہیں' گویا صوفیہ کرام اورنگزیب کی کامیابی کے لیے دعا کرنا بھی اللہ تعالیٰ کی رضا تصور کرتے تھے' لکھا ہے:

> قطب خان...... آمد و گفت کہ مرادِ ما حاصل شد یک دہ نذرِ شما کردہ ام ایشاں قبول نہ کردہ و گفتند ما برای خدای تعالیٰ مدد کردہ ایم نہ برای طمعِ دنیا۔[۴]

۱۔ صفر احمد معصومی: مقاماتِ معصومی

۲۔ محمد مراد بن شیخ حبیب پشاوری: رسالہ کلمۂ چند در احوالِ علماءِ سوء۔ قلمی ورق ۲۰۲۔ ح

۳۔ نواب قطب الدین خان خویشگی بن نظر بہادر خویشگی قصوری نے اس جنگ میں اعلانیہ اورنگزیب کی حمایت کی تھی' حالات کے لیے دیکھیے:

شاہنواز خان' صمصام الدولہ: مآثر الامراء ۳/ ۸۷۔۹۶

۴۔ محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین۔ خطی' ورق ۱۷۹

جب حضراتِ نقشبندیہ حج وزیارت حرمین الشریفین سے واپس ہندوستان آئے تھے تو اورنگزیب کامیاب ہو کر ہندوستان کے تاج وتخت کا مالک بن چکا تھا' اس موقع پر اس نظریاتی جنگ میں حضرت خواجہ محمد سعید نے اورنگزیب کو مبارک باد کا جو خط لکھا تھا اس کا تعلق اس عہد کے بدلتے ہوئے حالات سے ہے۔ آپ لکھتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کا شکر ہے کہ آفتابِ ہدایت نمودار ہو گیا اور کفر وضلالت کا خاتمہ ہوا اور الحاد و بدعت کو جڑ سے اکھاڑ دیا گیا۔ یہ واضح اشارہ داراشکوہ کی گرفتاری اور پھر اس کے قتل کی طرف ہے' فرماتے ہیں:

از متاعبِ سفر نجات یافتہ ...... الحمد للہ کہ بطلوعِ آفتابِ ہدایت ظلماتِ کفر وضلالت رو بانعدام آورد و بیخ الحاد و بدعت از پا افتاد و رایاتِ عدل و انصاف بافقِ اعلیٰ رسید[۱]......

تعلقات کے دوسرے حصے کا تعلق اورنگزیب کی تخت نشینی کے بعد سے ہے۔ حضراتِ نقشبندیہ اورنگزیب کی کامیابی کے بعد پیچھے نہیں ہٹے بلکہ انہیں اب احساس ہو گیا تھا کہ یہی وقت ہے کہ ہندوستان کے مسلمانوں پر سابقہ دور میں ہونے والی

---

[۱] ۔محمد سعید' خواجہ' مکتوبات ۹۲/۳۷ حضرات مخدوم زادگان بے چینی سے اورنگزیب کی کامیابی کی خبر سننے کے منتظر رہتے تھے اس لیے اورنگزیب نے دارا پر قابو پاتے ہی اس کا تعاقب شروع کیا تو اس کی اطلاع کے لیے اس نے نہایت ہی مسرت کے ساتھ جو خط حضرات کو لکھا تھا وہ ہم نے دریافت کرلیا ہے' جس کے الفاظ یہ ہیں:

فرمان عالی شان بادشاہ عالمگیر بعد از منہزم شدن داراشکوہ: کہ بہ شیخ محمد سعید و شیخ محمد معصوم نوشتہ نحمدہ و نصلی از جانب ایں نیاز مند ترینِ خلائق بدرگاہِ حضرت واہب العطیات بہ حقائق معارف آگاہ فضائل و کمالات دستگاہ شیخ محمد سعید سلامِ عافیت انجام برسد' آنچہ از مجد و نصرت یافتن آں لشکرِ اسلام براعداء دین بظہور آمدہ بہ سمعِ شریف رسیدہ باشد...... کہ چوں ظلمتِ شب بہ بیانِ جانِ آں سیہ روی در آمد نیم جان بہ ہزار نکبت از معرکہ بیروں برد لشکر گراں مایہ بہ تعاقبِ آں بے عاقبت تعین گشتہ امید از فضل بخشندہ...... کہ بزودی اسیر گردد

زیادتیوں کا ازالہ اس طریقے سے کیا جائے کہ یہاں کی معاشرت میں اکبر اور اس کے دین الٰہی سے جو بدعات پھیلی تھیں اور داراشکوہ کے سہارے علمائے سوء نے جو لادین (سیکولر) ریاست کے قیام کی کوشش کی تھی اسے جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے تاکہ احیائے دین کی وہ تحریک جو حضرت مجدد الف ثانی اور شیخ عبدالحق محدث دہلوی نے شروع کی تھی اور جس اسلامی فلاحی مملکت کا خواب دیکھا تھا کی عملی تعبیر ہو سکے۔

اس سلسلے میں حضراتِ مجددیہ نے مندرجہ ذیل اقدامات کیے:

۱۔اورنگزیب سے رابطۂ کلی قائم رکھا۔

۲۔اورنگزیب کی دینی تعلیم و تربیت کے لیے خاص اہتمام کیا۔

۳۔ اورنگزیب کے ساتھ دربار میں اور سفر و حضر میں بھی ساتھ رہے۔

۴۔حضرت خواجہ محمد معصوم نے اپنے فرزندوں کو اورنگزیب کی تربیت کے لیے مقرر فرمایا' جو باری باری اس کے پاس جا کر یہ فریضہ انجام دیتے تھے۔

۵۔حضرت خواجہ نے اپنے بعض ذی علم خلفاء کو صرف اور صرف اورنگزیب کی تربیت کے لیے خلافت دے کر اس کے ساتھ منسلک کر دیا' جو مرکز میں اس کے ساتھ رہ کر ترویجِ شریعت کے لیے احکام جاری کرواتے اور اس کی باطنی تربیت بھی کرتے تھے۔

خواجہ سیف الدین نے اورنگزیب کے نام کئی خطوط لکھے تھے ایک مکتوب میں اسے واضح الفاظ میں اس کلیہ سے آگاہ کرتے ہیں کہ دین کی تقویت اور ملتِ اسلامیہ کی نصرت سلاطین سے وابستہ ہے' فرماتے ہیں:

توقع کہ ایں خیر خواہ عباداللہ رابدعاء سلامتِ دارین و خیریت نشاتین در مظان اجابت یاد می نمودہ باشند' والسلام بہ غضبت پناہ شیخ محمد معصوم و شیخ محمد یحییٰ سلامِ عافیت انجام رسد' والسلام والاکرام (مکتوبات حضرت مجدد خطی نسخہ نمبر ۱۴۲۹ کے آخری ورق پر یہ مکتوب منقول ہے۔ (رک حسنات الحرمین' مقدمہ' ۱۳۱۔۱۳۳)

تقویتِ دینِ متین ونصرتِ ملتِ مبین وابستہ بہ سلاطینِ عظام است۔[۱]

حضرت خواجہ محمد سعید نے اورنگزیب کو ۹ خطوط لکھے جن میں اسے اس کی ذمہ داریوں' ہندوستان میں اسلام کی زبوں حالی اور ترویجِ شریعت کے لیے ہدایات درج فرمائی ہیں۔ ایک مکتوب ہے جو سفرِ حج کے فوراً بعد اسے لکھا ہے وہ اس وقت تک جنگِ تخت نشینی میں کامیاب ہو کر تاج وتخت کا مالک بن چکا تھا' اسے شایانِ شان القاب سے نوازنے کے بعد لکھا ہے کہ تمہاری کامیابی دراصل ہندوستان میں اسلام کی تقویت کا باعث ہوگی' لکھتے ہیں:

حضرت امیر المومنین ظل اللہ فی الارضین' رافع اعلام الشریعۃ الغراء قامع بنیان البدعۃ الغبراء...... کاسر اعناق الکفرۃ الا کاسرۃ محی السنتہ والاسلام......

راہِ عنایت ودین پروری در باب رفع مابقی من الفواحش والمنکرات ومنع برخی از منہیات ومسکرات بمقتدایانِ خدمات اسلام تاکید اہتمام رود......[۲]

ایک اور مکتوب میں اورنگزیب کو ایک فتح کی مبارک دیتے ہوئے اُسے الحاد وزندقہ کے خاتمے کے لیے کہا ہے اور مزید کوشش کرنے کے لیے بھی زور دیا ہے کہ ملک کے اطراف واکناف میں ترویجِ شریعت کے لیے فرامین جاری کریں' لکھتے ہیں:

رفع و ہدم ارکانِ و بدعت و قمع رسومِ الحاد و زندقہ نمود...... ایں ہوا خواہِ حقیقی (خواجہ محمد معصوم) امیدوار است کہ ہمتِ علیا مصروفِ...... تائید ارکانِ شریعت غرا فرمودہ فرمان اہتمام بحکام ومتصدیانِ اطراف واکناف صادر شود تا سعیِ بلیغ واجتہادِ تام دریں باب مصروف دارند......[۳]

ایک مکتوب میں جب کہ وہ کفارِ ہند اور اہلِ بدعت کے خلاف برسرِ پیکار تھا اس کی ان مہمات کو جہاد قرار دیتے ہوئے جہاد کے فضائل پر احادیث نقل کر کے بھیجی ہیں یقیناً ان مہمات کا تعلق دکن کی شیعہ ریاستوں سے تھا آپ نے صحابہ کرام کے فضائل پر

---

[۱] ۔سیف الدین' خواجہ: مکتوبات ۸۰/۵۷

[۲] ۔محمد سعید' خواجہ: مکتوبات ۹۲-۹۱/۳۷   [۳] ۔ایضاً ۹۵/۴

حدیثیں بھی اس خط میں نقل کرتے ہوئے صحابہ پر طعن کرنے والوں کو دائرۂ اسلام سے خارج قرار دیا ہے:۔

چوں حرفِ جہاد با اہلِ بدعت وضلال درمیان است، احادیث چند در فضائلِ صحابہ...... (اہلِ بدعت) از جرگۂ اسلام خارج اند...... ۱

اورنگزیب کو بھی ان حضرات سے خصوصی انس تھا اس نے جنگِ تخت نشینی کے دوران شہزادہ شجاع کو شکست دینے کے بعد دارا شکوہ کی طرف متوجہ ہونے سے قبل خواجہ محمد سعید اور خواجہ محمد معصوم دونوں کو اپنے پاس بلایا تو جاتے ہوئے اس نے ان حضرات کو تین سو اشرفیاں بطورِ انعام پیش کیں۔ ۲ اسی طرح اورنگزیب نے اپنے تیسرے سال جلوس (۱۰۷۰ھ/۱۶۶۰ء) میں حضرت خواجہ محمد سعید کو دہلی بلایا۔ آپ ان دنوں مختلف امراض میں مبتلا تھے لیکن اس کے باوجود بادشاہ سے تعلقِ خاطر کی بنا پر آپ تشریف لے گئے تو اورنگزیب نے آپ کو ''خلعت اور دو ہزار روپے'' انعام کے طور پر دیے۔ ۳ اگلے سال ۱۰۷۱ھ/۱۶۶۱ء کو اورنگزیب نے خواجہ محمد سعید کو پھر دہلی بلایا اس مرتبہ تو آپ انتہائی علیل تھے لیکن آپ دہلی تشریف لے گئے بادشاہ بہت ہی تعظیم واحترام سے پیش آیا۔ ۴ جس کی اطلاع دیتے ہوئے خواجہ محمد سعید اپنے برادرِ گرامی خواجہ محمد معصوم کو لکھتے ہیں کہ سرہند سے دور دہلی جا کر آپ سے دوری کا جو احساس مجھے ہو رہا ہے وہ بیان سے باہر ہے اورنگزیب کے اظہار عقیدت کا تذکرہ کرتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ چار روز سے بادشاہ بڑے اہتمام سے کھانا اپنے ہاتھ سے تیار کر کے میرے لیے بھیج رہا ہے۔ ۵ یہ اورنگزیب کے ساتھ خواجہ محمد سعید کی آخری ملاقات تھی کیوں کہ اس سفرِ دہلی سے واپس سرہند جاتے

۱۔ ایضاً ۶۶/۱۲۲۔۱۲۶

۲۔ محمد کاظم شیرازی: عالمگیر نامہ ۲۹۳

۳۔ ایضاً ۵۹۵ ، ۴۔ بختاور خان: مرأۃ العالم ۳/۴۱۳

۵۔ محمد سعید، خواجہ: مکتوبات ۹۹/ ۲۱۵

ہوئے سنبھالکہ کے مقام آپ کا ۱۰۷۱ھ کو وصال ہو گیا۔[۱]

حضرت خواجہ محمد معصوم کی تحریرات سے تو واضح الفاظ میں یہ حقیقت عیاں ہو جاتی ہے کہ آپ باقاعدہ ایک جامع پروگرام کے تحت اورنگزیب کو ملک میں ترویج شریعت اور احکام اسلامی کے نفاذ کے لیے تیار کر رہے تھے۔ آپ کے فرزندانِ گرامی جو ظاہری و باطنی تعلیم سے آراستہ تھے باری باری اورنگزیب کے پاس جاتے اور اُسے اسلامی احکام اور شرعی امور سے آگاہ کرتے رہتے تھے' اس کے علاوہ آپ نے اپنے بعض ذی علم خلفاء کو خلافت ہی صرف اورنگزیب کی تعلیم و تربیت کے لیے دی تھی جو سفر و حضر میں اس کے ساتھ رہ کر ترویجِ شریعت کے لیے راستہ ہموار کرتے رہتے۔

اورنگزیب کی کفارِ ہند کے خلاف مہمات کو انہوں نے کئی مرتبہ جہاد کا درجہ دے کر اس کی حوصلہ افزائی کی۔ تخت نشینی کے بعد اُسے جہاں بہت سے سیاسی خطرات سے نپٹنا تھا وہاں اسے بدعتیوں اور بدعقیدہ فرقوں سے بھی مقابلہ درپیش تھا۔ اُسی عہد کی یادگار حضرت خواجہ محمد معصوم کا ایک مکتوب ہے جس میں آپ نے اُسے فنای قلب کی حقیقت سے آگاہ کرتے ہوئے لکھا ہے کہ وہ ان دنوں جس "امر خطیر اور جہادِ کبیر" میں مصروف ہے اس میں بظاہر وہ اس کے ساتھ شریک نہیں ہیں لیکن باطنی طور پر تم مجھے اپنے ساتھ تصور کرو' فرماتے ہیں:

> ایں دعا گو ہر چند بحسبِ صورت از دریافتِ دولت ملازمت دور و مہجور است و دریں قسم امرِ خطیر و جہادِ کبیر کہ دریں ایام عنانِ توجہ و اقبال باں مصروف است داخل نہ لیکن از روی معنی و باطن در ملازمت و حضور است...... در ہیچ موطن و معرکہ از خدمت عالی جدا نیست و ہمہ جامعیتِ معنوی دارد......[۲]

اورنگزیب نے حضرت خواجہ محمد معصوم سے دائمی صحبت کی درخواست کی جسے آپ نے

---

[۱] ۔صفر احمد: مقاماتِ معصومی

[۲] ۔محمد معصوم' خواجہ: مکتوبات ۲/۵/۲۹

اپنے والدِ گرامی حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی قدس سرہ کی وصیت کے مطابق قبول نہ فرمایا لیکن کبھی کبھی اس کے انتہائی اشتیاق کے باعث اور ترویجِ شریعت کی تاکید کے لیے آپ اس کے پاس تشریف لے جاتے تھے' معاصر مولف کا بیان ہے:

(حضرت مجدد الف ثانی) دعا کردہ اند کہ شما (خواجہ محمد سعید و خواجہ محمد معصوم) مصاحبِ سلطان نہ شوید الحمدللہ ہمچناں بوقوع پیوست کہ سلطان شاہ جہان بادشاہ علیہ الرحمتہ بسیار مصاحبتِ ایشاں می خواست میسر نہ شد الا نادراً وصلاح آثار...... اورنگزیب سلمہ' مریدِ ایشاں (خواجہ محمد معصوم) گردید دوام صحبتِ ایشاں می خواست قبول نہ کروند......[۱]

اس قسم کی وصیت حضرت خواجہ محمد معصوم نے اپنے فرزند بزرگ شیخ محمد صبغتہ اللہ کو بھی کی تھی کہ ''ضرورت کلی'' کے بعد سلاطین کی صحبت اختیار نہ کرنا:

صحبتِ سلاطین بے ضرورتِ کلی اختیار نخواہد نمود......[۲]

لیکن دارا شکوہ کے سہارے سرگرم عمل آزاد خیالی اور بے دینی کی تحریکوں کے معاشرت پر اثرات کو ختم کرنے کے لیے اس وقت اورنگزیب کی مصاحبت اختیار کرنا عین ضرورتِ کلی بن چکی تھی' معاصر مورخ کا بیان ہے:

''بنا بر استدعای بادشاہِ دین پناہ چند بار بہ بارگاہِ عظمت و جاہ رسیدہ' باقسام تجلیل و تکریم مخصوص گشت''[۳]

آپ کے صاحبزادے خواجہ سیف الدین نے یہ بھی لکھا ہے کہ اورنگزیب محبت سے آپ کو سفرِ خرچ بھیج کر دہلی آنے کے لیے کہا کرتا تھا۔[۴]

---

[۱] ۔محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین ۱۷۸۔۱

[۲] ۔صفر احمد: مقاماتِ معصومی ۴۲۶

[۳] ۔بختاور خان: مرأۃ العالم ۲/۴۱۳

[۴] ۔سیف الدین' خواجہ: مکتوبات ۱۲۸/۱۵۶

خواجہ محمد سعید کے صاحبزادگان میں سے دو کے ساتھ اورنگزیب کے تعلقات کا پتا چلتا ہے' اول آپ کے فرزندِ گرامی علامہ محمد فرخ (۱۰۳۸۔۱۱۲۲ھ/ ۱۶۲۸۔۱۷۱۰ء) نے بھی کئی بار اورنگزیب سے ملاقات کی تھی حضراتِ مجددیہ میں سے علامہ محمد فرخ سب سے بڑے عالم تھے اور درس وتدریس آپ کا شغلِ عزیز تھا' ظاہری علوم میں ''پایۂ مولویت'' میں بلند مرتبہ رکھتے تھے۔ اورنگزیب نے صحیح بخاری آپ سے پڑھی تھی' معاصر مولف شیخ محمد مراد ٹنگ کشمیری نے لکھا ہے:

علامۂ عصر عارفِ وحید مولانا محمد فرخ شاہ...... جامع بود در علومِ ظاہر و باطن لیکن پایۂ مولویت را ساتر مرتبہ ارشاد فرمودہ اکثر عمر مبارک را بہ تدریس و تدقیق گذرانیدند جمِ غفیر از علماء و مشائخِ عصر را شرفِ شاگردی حاصل شدہ و سلطان عالمگیر ہم بہ تقریب ایں توفیق مصدر خدمتہا بلیغہ گردیدہ......[۱]

مقاماتِ معصومی میں بھی ہے کہ اورنگزیب نے صحیح بخاری آپ کی خدمت میں پڑھی تھی:

بادشاہ خلد مکان صحیح بخاری را در خدمتِ آں مولوی معنوی خواندہ اند۔[۲]

اسی طرح خواجہ محمد سعید کے دوسرے صاحبزادے شیخ عبدالاحد وحدت (ف ۱۱۲۶ھ/۱۷۱۴ء) کے ساتھ بھی اورنگزیب کو موانستِ خصوصی تھی ۱۱۰۹ھ/ ۱۶۹۷ء کو آپ حجۃ اللہ خواجہ محمد نقشبند ثانی کے ہمراہ حج کے سفر سے واپس آئے تو اورنگزیب نے بلا لیا اور آپ حدود دو سال تک اس کے ساتھ رہے اس کی ملکی مہمات کے دوران لشکر میں قیام کا ذکر بھی ملتا ہے۔[۳]

---

[۱] ۔محمد مراد ٹنگ کشمیری: تحفۃ الفقراء ۱۱۔ب ' [۲] ۔مقاماتِ معصومی ۴۰۶ 'شیخ محمد فرخ کے حالات، علمی تبحر اور تالیفات کی تفصیل کے لیے دیکھیے تعلیقات مقامات معصومی ۴۰۷/۱۴۔۱۵

[۳] ۔وحدت سرہندی: گلشن وحدت ۶۵ / ۱۲۶، ۷۵/ ۱۲۶

اورنگزیب کی بیٹی زیب النساء حضرت وحدت کے ساتھ عقیدت رکھتی تھی اس کے نام آپ کے تین مکاتیب میں موجود ہیں۔ (گلشن وحدت' مکتوب نمبر ۴۴'۴۷'۵۶)

نبائرحضرت مجدد الف ثانی اورنگ کی مصاحبت میں:

حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کی صاحبزادیوں میں سے صرف خدیجہ بقید حیات رہیں ان کا نکاح آپ کے برادر زادہ قاضی شیخ عبدالقادر[۱] سے ہوا۔ انہی بی بی خدیجہ کے بطن سے تین صاحبزادے متولد ہوئے خواجہ محی الدین، میر محمد فضل اللہ اور شیخ عبداللطیف۔ حضرت مجدد الف ثانی کے یہ تینوں نواسے علم وعمل اور تقوٰی میں ضرب المثل تھے اور خوش نصیبی سے ان تینوں نے اورنگزیب کی ملازمت و مصاحبت اختیار کرلی۔ ان کے والد گرامی شیخ عبدالقادر سرہند کے قاضی تھے اور نہایت عدل وانصاف کے ساتھ عدالتی فیصلے صادر کرتے تھے۔ ان کا ۱۰۶۸ھ/ ۱۶۵۸ء کو انتقال ہوگیا تو اورنگزیب نے ان کے صاحبزادے شیخ محمد فضل اللہ کو جو حضرات مجددیہ کے ہمراہ حج کرکے واپس آئے تو اکبر آباد میں ان بزرگوں سے ملاقات کے دوران بادشاہ نے ان کو ''بمنت تمام'' سرہند کی قضا پیش کی جسے انہوں نے قبول کرلیا۔[۲]

قیاس یہ ہے کہ شیخ محمد فضل اللہ اپنی وفات ۱۱۱۷ھ تک سرہند کے قاضی رہے ہوں گے یہی شیخ محمد فضل اللہ مقاماتِ معصومی کے مولف کے والد تھے۔

حضراتِ مجددیہ کا سفرِ حرمین الشریفین

صوفیہ کرام، خصوصاً مشائخِ نقشبندیہ کی تحریرات میں اس پاک سرزمین پر حاضر ہونے کی خواہش اور بسا اوقات نہایت اضطراب کے ساتھ حرمین شریفین کے بارے میں ''مکاشفاتِ غیبانہ'' کا ذکر ملتا ہے، حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی

---

[۱] ۔ قاضی شیخ عبدالقادر بن شیخ محمد امین بن شیخ عبدالرزاق بن مخدوم عبدالاحد۔
(رک مقامات معصومی جلد اول)

[۲] ۔ صفر احمد: مقاماتِ معصومی ۳۶۹

اس مقدس سرزمین پر حاضری کے ارادے سے نکلے تھے لیکن کعبۂ مقصود دہلی ہی میں مل گیا پھر سرہند شریف میں ''نزولِ کعبہ'' کا واقعہ اور مکاشفہ اس ذوق وشوق کی نشاندہی کرتا ہے۔

حضرت خواجہ محمد معصوم ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء کو حج کے لیے ہندوستان سے روانہ ہوئے لیکن آپ کے ایک مکتوب محررہ ۱۰۵۷ھ/ ۱۶۴۷ء سے آپ کے اس مبارک سفر کے اختیار کرنے کی خواہش کا اظہار ہوتا ہے۔[۱]

حضرت خواجہ اپنے ایک خلیفہ شیخ بایزید بن شیخ بدیع الدین سہارنپوری کو اپنے ارادۂ سفر کی اطلاع دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

امیدواریم کہ اواخرایں ماہ کہ ذی الحج باشد از بست ودوم تابست ونہم انتقال از سرہند واقع شود واز راہِ بندر سورت بہ کعبۂ مقصود وصول میسر آید...... ہرچند عقلِ عقیل نظر بہ عالمِ اسباب پابندمی شود لیکن درراہِ عشق پارہ از بند عقل باید برآمد [۲]

مکتوب کے اس اقتباس سے مفصلہ ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

حضرت خواجہ حج کے ارادے سے ۲۲ ذی الحج کو سرہند سے روانہ ہوئے اور حدود ۲۹ ذی الحج کو بندر سورت سے گزرنے کی قیاسی تاریخ بتائی۔

حضرت خواجہ جب روانہ ہوئے تو یقیناً اس وقت سالِ روانگی ۱۰۶۷ھ تھا جیسا کہ حسنات الحرمین کے ابتدائیہ میں مترجم نے وضاحت کی ہے۔ اس لیے اس مکتوب کا سالِ تحریر ۱۰۶۷ھ/ ۱۶۵۷ء متعین کیا جا سکتا ہے۔

حضرات صاحبزادگان ہندوستان کے مختلف شہروں کے طویل سفر اور سلسلہ مجددیہ کے بزرگوں کے مزارات کی زیارت کرتے ہوئے سورت پہنچے تھے۔

حضرات جب سرہند شریف سے روانہ ہوئے تو پہلا قیام پانی پت کی بڑی مسجد میں

۱۔ مکتوبات معصومیہ ۲/ ۷۰

۲۔ ایضاً ۲/ ۷۴

ہوا تھا۔[۱] بہت سے مزارات کی زیارت کے لیے بھی گئے سب سے پہلے اپنے جد بزرگوار شیخ عبدالاحد، پھر امام رفیع الدین[۲] اور حضرت مجدد الف ثانی اور پھر پانی پت میں مزار شیخ شرف الدین بوعلی قلندر اور شیخ احمد ترک، دہلی میں حضرت خواجہ باقی باللہ، خواجہ قطب الدین بختیار کاکی، حضرت شیخ نظام الدین اولیاء، شیخ نصیر الدین چراغ دہلی اور امیر خسرو وغیرہ۔[۳]

دہلی کے علاوہ برہانپور کے کئی مزارات پر گئے ان میں حضرت خواجہ محمد نعمان بدخشی خلیفہ حضرت مجدد الف ثانی اور حضرت مجدد الف ثانی کے شہرہ آفاق سوانح نگار مولانا محمد ہاشم کشمی کے مزار پر خصوصیت سے جانے کا ذکر ملتا ہے، حضرت وحدت لکھتے ہیں کہ حضرت شیخ محمد سعید قدس سرہ نے جب برہانپور کے قیام کے دوران خواجہ کشمی کے مزار پر جانے کا قصد کیا تو عالمِ مثال میں وہ ہمارے استقبال کے لیے آتے ہوئے معلوم ہوئے، جس کا انہوں نے دور سے ہی ادراک کرلیا:

قال سیدنا الشیخ (محمد سعید) فی برہانفور لما اردت زیارۃ قبر خلیفہ مجدد الف الثانی خواجہ ہاشم البدخشی استقبلنی من مقامہ فادرکنی علی مسافۃ......[۴]

مقاماتِ معصومی کے مختلف مندرجات سے معلوم ہوتا ہے کہ تقریباً تمام صاحبزادگان اس سفر میں شریک ہوئے تھے اگر روضۃ القیومیہ کے اس بیان پر اعتماد کیا جائے تو یہ اہل اللہ کا ایک بہت بڑا لشکر تصور کیا جائے گا۔[۵]

مقاماتِ معصومی کے مولف نے حضرت خواجہ کے سفر حرمین الشریفین کو خاص اہمیت

۱۔ مقامات معصومی ۶۸۴ (نسخہ م)

۲۔ وحدت، عبدالاحد سرہندی: لطائف المدینہ ۱۲۔ا

۳۔ وحدت، عبدالاحد سرہندی: لطائف المدینہ ۱۲ب۔۱۳۔ا

۴۔ ایضاً ورق ۱۳ب

۵۔ کمال الدین محمد احسان: روضۃ القیومیہ ۲/ ۸۹

دی ہے اور اس سلسلہ میں کئی اہم نکات درج کیے ہیں' مولف نے اس سفر کی روداد آپ کے صاحبزادہ مروج الشریعۃ محمد عبید اللہ کے جمع کردہ ان یواقیت سے نقل کی ہے جو اس مبارک سفر میں آپ کے ہمراہ تھے اور انہوں نے یواقیت الحرمین کے نام سے عربی میں آپ کے حرمین الشریفین کے دورانِ سفر اور وہاں قیام کے دوران آپ کے ملفوظات اور مکاشفات مرتب کیے تھے بعد میں آپ کے حینِ حیات ہی صاحب حضرات القدس ملا بدرالدین سرہندی کے صاحبزادہ شیخ محمد شاکر نے انہیں فارسی میں منتقل کیا تھا' مولف مقامات کے پیش نظر ترجمہ ہی تھا جس سے انہوں نے نقل واقتباس کیا ہے۔[۱]

شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت حضرت خواجہ محمد سعید کے صاحبزادے اور حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی کے پوتے تھے۔

ولادت

حضرت وحدت کی ولادت حدود ۱۰۵۰ھ/۱۶۴۰ء کو سرہند شریف میں ہوئی[۲]

تعلیم

حضرت وحدت مدرسہ مجددیہ سرہند کے نامور مدرس و عالم اخوند عبدالحق سجاول

---

[۱] ۔حسنات الحرمین ہمارے مقدمہ' حواشی اور اردو ترجمہ سمیت طبع ہو چکی ہے

[۲] ۔صفر احمد: مقاماتِ معصومی ۳/۴۰۸ سالِ ولادت میں اختلاف ہے معاصر مولف شیخ محمد مراد ننگ کشمیری نے جو حضرت وحدت کے خلیفہ بھی تھے' حضرت وحدت کا یہ کشف نقل کیا ہے کہ میری عمر ۷۵ سال ہوگی' جو صحیح ثابت ہوا اور ۱۱۲۶ھ کو وصال ہو گیا (حسنات المقربین' ورق ۱۲۳ (ب) اس اعتبار سے سال ولادت ۱۰۵۱ھ (۱۱۲۶+ ۷۵۔۱۰۵) ہونا چاہیے۔ تاہم ایک سال اگر جاری سال کے طور پر تصور کیا جائے تو مقاماتِ معصومی کی روایت صحت کے قریب ہے۔

سرہندی [1] کے شاگرد تھے۔[2] اس کے علاوہ اپنے والد گرامی حضرت خواجہ محمد سعید اور دیگر اساتذہ سے بھی تحصیل کی تھی۔

کسبِ سلوک

حصولِ علم کے دوران ہی حضرت وحدت نے اپنے والدِ گرامی کی خدمت میں کسبِ سلوک کا بھی آغاز کر دیا تھا' آپ کے والد کے بھانجے میر شیخ محمد فضل اللہ (ف ۱۱۱۷ھ) بھی جو کہ آپ سے صرف چھ ماہ بڑے تھے اور انہی ایام میں حضرت خواجہ محمد سعید قدس سرہ' کی خدمت میں مصروفِ عمل تھے' کئی اہم بشارات سے نوازے گئے۔[3]

حضرت وحدت سلوک کی منازل طے کر کے اپنے والد کی خلافت کے حق دار ٹھہرے[4] آپ اپنے والدِ بزرگوار کے باطنی اسرار سے کماحقہ واقف تھے' اپنے والدِ گرامی کے وصال (۱۰۷۱ھ) کے بعد فوری طور پر حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ' کی خدمت میں حاضر نہیں ہوئے بلکہ کامل ایک سال توقف کیا اور اس دوران حضرت خواجہ محمد سعید کی روحِ پرفتوح سے فیض یاب ہوتے رہے [5] اس کے بعد آپ نے حضرت خواجہ معصوم علیہ الرحمت کی خدمت میں رجوع کیا۔تو آپ نے فرمایا کہ ہم تمہیں ازسرِ نو مرید کریں گے جس پر انہیں بڑا تعجب ہوا کہ والد بزرگ کی خدمت میں

---

[1] ۔اخوند سجاول سرہندی حضرت خواجہ محمد معصوم کے استاد اور خلیفہ تھے' وصال کے بعد حضرت خواجہ کو غسل دینے کی سعادت بھی انہیں کو نصیب ہوئی تھی۔حضرت خواجہ کے حکم پر شرح وقایہ کا فارسی میں ترجمہ کیا اور اسے اورنگ زیب کے نام معنون کیا' اورنگ زیب سے توسل بھی تھا (مقاماتِ معصومی ۳/۴۸۰'۴/۳۸۶)

[2] ۔ایضاً ۴۸۰'گلشنِ وحدت ۵۴/۶۶

[3] ۔مقاماتِ معصومی ۳/۳۶۷ ' [4] ۔ تحفۃ الفقراء ۱۰۵ ' [5] ۔مقاماتِ معصومی ۳/۴۰۹'گلشنِ وحدت ۵۴/۶۶

میں نے جو محنت وریاضت کی ہے وہ سب ضائع گئی۔ آپ اسی تردد میں تھے کہ حضرت خواجہ نے فرمایا کہ تمہارے والد نے تمہیں جو بشارتیں دی ہیں وہ سب مجھے معلوم ہیں لیکن میرا قاعدہ جداگانہ ہے بہرحال آپ حضرت خواجہ سے بیعت ہوئے اور جلد ہی مراحلِ سلوک طے کرنا شروع کر دیے۔ آپ کے ابتدائی ایامِ کسب کی کیفیت خود حضرت خواجہ نے اپنے ایک مکتوب میں یوں تحریر فرمائی ہے:

''تمہارے (مخدوم زادہ ثالث حضرت مروج الشریعت عبید اللہ) کے جانے کے بعد آج شیخ عبدالاحد (وحدت) فقیر کے ساتھ نشست و برخاست رکھتے ہیں اور اپنے معاملات میں بہت ہی سرگرم ہیں شب و روز خدمت میں حاضر رہتے ہیں، خانقاہ میں ایک حجرہ لے کر زندگی گزار رہے ہیں عجیب وارفتگی کی کیفیت ان پر طاری ہے، بہت ترقی کی ہے۔۔۔ان کا معاملہ روز بروز ترقی پر ہے۔''[۱]

جب حضرت خواجہ نے اپنے فرزندوں کو ''محمدی المشرب'' ہونے کی بشارت دی تو حضرت وحدت نے بھی اس کے لیے استدعا کی جس کے جواب میں حضرت خواجہ نے فرمایا کہ ''تم بھی ہمارے فرزندوں میں شامل ہو۔''[۲]

حضرت وحدت نے حضرت خواجہ سے جو اور جس طرح فیض پایا اس کی تفصیلات اپنے استادِ گرامی اخوند مولوی عبدالحق سجاول سرہندی کی خدمت میں خود تحریر کی ہیں کہ

''حضرت خواجہ نے مخدوم زادہ محمد نقشبند ثانی حجۃ اللہ کے ذریعے مجھے طلب فرمایا میں نے حاضر ہونے پر عرض کیا کہ میرے والدِ بزرگوار نے مجھے جو بشارات اجمالاً دی تھیں میں ان کی تفصیل کا امیدوار ہوں، اس پر آپ نے فرمایا کہ سابقہ بشارات کو کوئی نقصان نہیں پہنچے گا بلکہ ان میں ''قوت و اسباب'' پیدا ہوں گے، آپ نے پہلی مجلس منعقدہ جمادی الاول ۱۰۷۶ھ کو فرمایا کہ تمہارا باطن بہت بہت ہی ''مزین'' معلوم ہوا ہے۔ اسی طرح دیگر مجالس کے دوران آپ نے بشاراتِ

۱۔ مکتوباتِ معصومیہ ۳/ ۱۱۷/ ۱۵۸۔۱۵۹ ۲۔ مقاماتِ معصومی ۴۱۱

عظیم سے نوازا' کل پچاس مجالس منعقد ہوئیں جن میں مجھے بشارات عنایت کی گئیں ایہ مجلسیں دو سال (۱۰۷۶۔۱۰۷۷ھ) تک جاری رہیں۔[۲]

حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ کے کئی اور مکاتیب بھی حضرت وحدت کے نام ہیں جن میں اس سلسلے کی تمام مروجہ بشارات سے انہیں نوازا گیا ہے۔[۳]

حضرت وحدت کی ایک بیاض بھی تھی جس میں آپ نے اپنے والد گرامی' حضرت خواجہ محمد معصوم اور حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی سے ملنے والی بشارات تحریر کی ہیں بعض بشارات تو ان مذکورہ حضرات نے اپنے دستِ مبارک سے بھی ان میں تحریر کی تھیں۔[۴]

حضرت خواجہ محمد سعید علیہ الرحمتہ کے کئی مکاتیبِ شریفہ حضرت وحدت کے نام ہیں' ایک مکتوب بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کے اسرار پر مشتمل ہے۔[۵]' دوسرا مکتوب مراتب یاس و تفاوتِ اذواق پر ہے۔[۶]' ایک مکتوب کا موضوع حافظ شیرازی کے ایک شعر کی تشریح پر ہے۔[۷]' دوسرے مکتوب کا موضوع ہے ''مقرب ترین اشیاء بحضرت حق سبحانہ برابر کلام مجید نیست۔[۸]'ایک عربی مکتوب ترغیب بر حصولِ صلاح و محبت۔۔۔[۹]

حضرت خواجہ محمد معصوم علیہ الرحمتہ کے وصال (۱۰۷۹ھ) کے بعد حضرت وحدت بڑے ''خضوع'' کے ساتھ حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی (ف ۱۱۱۵ھ/۱۷۰۳ء) سے منسلک ہو گئے' روضتہ القیومیہ کی روایت کے مطابق یہ ۱۰۸۷ھ کا زمانہ تھا' آپ نے ''منصبِ قیومیت'' کے حضرت حجتہ اللہ کی طرف منتقل ہونے کے اثبات میں ایک

۱۔ گلشن وحدت ۵۴/ ۶۶۔ ۷۰ ۲۔ ایضاً ص ۶۸

۳۔ مکتوباتِ معصومیہ ۲/ ۱۱۰' ۳/ ۱۱۷' ۱۲۸ (بنام شیخ محمد باقر لاہوری) ۱۴۰' ۱۶۸' ۲۰۵' ۲۴۸

۴۔ تفصیل تالیفات حضرت وحدت کے تحت ملاحظہ کریں۔ ۵۔ مکتوبات سعدیہ ۱۷/ ۲۰۳۔

۶۔ ایضاً ۲۱/ ۲۶' ۷۔ ایضاً ۳۶/ ۸۰۶' ۸۔ ایضاً ۴۲/ ۹۷' ۹۔ ایضاً ۷۶/ ۱۴۸

رسالہ انہی ایام میں تالیف کیا۔[۱] دونوں حضرات کے مابین گہرے روابط رہے' حضرت حجتہ اللہ کے کئی مکاتیب حضرت وحدت کے نام ہیں۔[۲]

اسفارِ حج

حضرت وحدت نے حرمین الشریفین کا پہلا سفر اپنے والد گرامی حضرت خواجہ محمد سعید و حضرت خواجہ محمد معصوم علیہما الرحمتہ کے ہمراہ ۱۰۶۷۔۱۰۶۸ھ کو کیا' اس وقت آپ کی عمر صرف سترہ سال تھی اسی دوران آپ نے عربی میں اپنے والد کی سوانح "لطائف المدینہ" کے نام سے تالیف کی۔

آخری دونوں حج حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی قدس سرہ کے ساتھ کیے جن کی تفصیل اس طرح ہے:

حضرت وحدت ۱۰۸۹ھ/ ۱۶۷۸ء کو دوسری مرتبہ حج کے لیے حرمین الشریفین گئے' یہ سفر آپ نے حضرت حجتہ اللہ کے ہمراہ کیا جس میں شیخ خلیل اللہ[۳] بن حضرت خواجہ محمد سعید اور شیخ محمد پارسا بن حضرت مروج الشریعت محمد عبیداللہ بھی ہم رکاب تھے' اورنگزیب عالمگیر کے کہنے پر آپ نے یہ سفر براستہ دکن اختیار کیا' کیوں کہ اورنگزیب ان دنوں دکنی مہمات سر کرنے میں مصروف تھا اس نے عرصہ دراز تک حضرت حجتہ اللہ کو تعلیمِ سلوک کے لیے روکے رکھا۔[۴]

حضرت حجتہ اللہ تیسری مرتبہ ۱۱۰۳ھ کو براستہ افغانستان و ایران حج کے لیے روانہ

---

[۱]۔ روضتہ القیومیہ ۳/ ۲۹۔۳۰ حضرت حجتہ اللہ کے ایک مکتوب بنام حضرت وحدت سے بھی اس قسم کا مفہوم قیاس کیا جا سکتا ہے (وسیلتہ القبول ۲/ ۱۴/ ۳۱۔۳۳)۔ گلشن وحدت ۵۹/ ۹۰

[۲]۔ وسیلتہ القبول ۱/ ۱۵/ ۱۹' ۲۲/ ۲۹' ۳۴/ ۴۵' ۲/ ۱۴/ ۳۱' ۴۲/ ۸۱

[۳]۔ شیخ خلیل اللہ کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو مقامات معصومی ۳/ ۴۱۷

[۴]۔ روضتہ القیومیہ ۳/ ۳۲۔۳۴' ۴۲

ہوئے' عقیدت مندوں نے کئی مقامات پر قیام کے لیے مجبور کیا ۱۱۰۹ھ کو حرمین الشریفین پہنچے[۱] اورنگزیب نے اس مرتبہ بھی آپ کو روکے رکھا' آخر اس سے اجازت لے کر روانہ ہوئے' آپ نے کابل سے اسے جو خط لکھا وہ آپ کے مجموعہ' مکاتیب[۲] میں شامل ہے۔

اس تیسرے سفر میں حضرت حجتہ اللہ اور حضرت وحدت کے اہلِ خانہ اور متعلقین کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔[۳] یہ سفر پہلے سفر حج کی مانند تھا جب حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہما (۱۰۶۷ھ/۱۶۵۶ء) عازمِ سفر ہوئے تھے۔[۴]

لیکن معلوم ہوتا ہے کہ حضرت وحدت ۱۱۰۹ھ کو سرہند شریف واپس نہیں گئے تھے بلکہ مختلف مقامات پر قیام پذیر رہے اور آپ اورنگزیب کے ساتھ ہی رہے کیوں کہ حضرت وحدت کے ساتھ بادشاہ کو جو موانست تھی وہ انہیں حج سے واپس آکر جلد گھر جانے میں حائل ہوگئی تھی' آپ ۱۱۱۱ھ/۱۶۹۹ء کے وسط میں سرہند شریف پہنچے۔[۵]

حج کے ان تین مبارک اسفار کے علاوہ حضرت وحدت نے اور بھی طویل سفر کیے جن میں آپ کا کئی بار کشمیر جانا اس میں آپ کے خلیفہ اور معروف عالم شیخ محمد مراد ننگ کشمیری (ف ۱۱۳۱ھ/ ۱۷۱۸ء) بن ملا مفتی محمد طاہر کشمیری کی تحریک کا عمل دخل ہے۔[۶] اس کے علاوہ کابل جانا اور پھر اورنگزیب کے کہنے پر دکن کی مہمات کے دوران اس

---

[۱] ۔ایضاً ۳/۱۰۱۳'۱۱۹

[۲] ۔وسیلتہ القبول ۲/۵۶/۹۸' حضرت وحدت کے تیسرے سفر حج کے یہ سنین آپ کے مکتوبات سے ماخوذ ہیں (گلشن وحدت ۶۵/۱۱۶)

[۳] ۔گلشن وحدت ۶۵/۱۱۶ (حضرت وحدت نے لکھا ہے مع قبائل تا بہ بندر مخا۔۔۔ رسید) اس مبارک سفر سے واپس سرہند شریف پہنچ کر حضرت وحدت نے اپنے مرید مخلص شیخ محمد مراد ننگ کشمیری کو اطلاع دی ہے (ایضاً ۶۷/۱۱۷)' حسنات المقربین ۱۱۳۔(الف)

[۴] ۔حسنات الحرمین' مقدمہ، [۵] گلشن وحدت ۷۵/۱۲۶' [۶] ۔ان امور کی تفصیل شیخ محمد مراد کشمیری کی تالیفات' تحفتہ الفقراء حسنات المقربین' گلشنِ وحدت کے علاوہ فیضِ مراد میں ملاحظہ کریں۔

کے لشکر کے ساتھ کئی سال تک طویل قیام بھی قابلِ توجہ ہے' پاکستان و ہند کے کئی مقامات پر آپ کے ورود کا تذکرہ آپ کے مکتوبات میں جا بجا ملتا ہے۔ [۱]

حضرت وحدت ''ضعف خون کشیدن'' [۲] اور ''حبسِ بول'' کے امراض میں مبتلا تھے' بادشاہ فرخ سیر نے شاہی طبیبوں سے بہت علاج کروایا لیکن افاقہ نہ ہوا۔ [۳]

حضرت وحدت کا ۷۵ سال کی عمر میں ۲۷ ذی الحج ۱۱۲۶ھ/ ۱۷۱۴ء کو دہلی میں وصال ہوا۔ [۴] نعش مبارک دہلی سے سرہند شریف لا کر دفن کی گئی۔

حضرت وحدت کو بذریعہ کشف سرہند شریف کے سکھوں کے ہاتھوں تباہ و برباد ہونے کا علم ہو گیا تھا۔ اس لیے آپ نے وہاں سے ہجرت کی اور دہلی میں آ کر کوٹلہ فیروز آباد قدیم دہلی میں قیام کر لیا۔ [۵] حضرت وحدت کی یہ ہجرت روضۃ القیومیہ کے مرتبہ سنین کے مطابق ۱۱۲۱ھ/ ۱۷۰۹ء کو ہوئی۔ [۶] جو کتب تاریخ کے مطابق درست ہے کیوں کہ اس کے چند ماہ بعد سکھوں نے بندہ سنگھ کی قیادت میں سرہند ے پر حملہ کر کے مسلم آبادیوں کو انتقام کا

۱۔ گلشنِ وحدت میں سیر پورب ۳۳/۴۲' کابل (۳۳/۴۲)' بہلول پور و روپڑ (۴۹/۶۱) کا ذکر کیا گیا ہے۔ ۲۔ گلشنِ وحدت ۴۱/ ۴۷' ۳۔ حسنات المقربین ۱۲۰ اب

۴۔ حسنات المقربین ورق ۱۲۱' الف۔ب۔ حضرت وحدت کے سالِ وصال میں اختلاف ہے۔ صاحب مقاماتِ معصومی (ص ۴۱۴) اور مولف روضۃ القیومیہ (۱/۳۰۱) نے ۱۱۲۷ھ لکھا ہے۔ گویا ایک سال کا فرق ہے' شعراء کے تذکرہ نویسوں میں سے اکثر نے ۱۱۲۶ھ تحریر کیا ہے جن میں سفینۂ خوشگو (۶۹)' نتائج الافکار (۷۴۵) اور روزِ روشن (۷۹۴) نے یہی سنہ دیا ہے۔ معاصر مورخ حارثی نے بھی یہی سالِ وصال تحریر کیا ہے (تاریخ محمدی ۳۳) جس سے معاصر اور حضرت وحدت کے خلیفہ شیخ محمد مراد کشمیر کے بیان (۱۱۲۶ھ) کی تصدیق ہو جاتی ہے' متاخرین کے بیانات قابلِ توجہ نہیں ہیں۔ ۵۔ سفینۂ خوشگو ۶۹، ۶۔ روضۃ القیومیہ ۲/۵۴۔۵۵

7- Kirpal singh : Life of Maharaja Ala Singh of Patiala p.115

نشانہ بنایا' سکھوں کے سرہند پر حملے جاری رہے' ۱۷۵۴ء کو ان کا دوسرا حملہ' ۱۷۵۸ء کو سکھوں اور مرہٹوں کا مشترکہ حملہ اور پھر ۱۷۶۴ء میں سکھوں نے سرہند پر ایسا حملہ کیا کہ اسے مکمل طور پر تباہ کر دیا' آبادی کا نام ونشان تک مٹ گیا۔ ان حملوں سے متاثر ہو کر اہلِ سرہند اور خاص طور پر خانوادۂ حضرت مجدد الف ثانی جہاں پناہ ملی چلے گئے۔[۱]

حضرت وحدت کے چار صاحبزادے اور تین صاحبزادیاں تھیں۔[۲]

حضرت وحدت کے خلفاء و مریدین کثیر تعداد میں تھے جن میں کشمیر کے مفتی محمد طاہر کے صاحبزادے شیخ محمد مراد ننگ کشمیری (ف ۱۱۳۱ھ) جو ۳۸ کتابوں کے مولف اور آپ کے مکتوبات وملفوظات کے جامع تھے[۳] اور فارسی کے مشہور شاعر شیخ سعد اللہ گلشن (۱۰۷۵۔۱۱۴۰ھ/ ۱۶۶۵۔۱۷۲۷ء) جنہوں نے حضرت وحدت کے عرف ''شاہ گل'' کی مناسبت سے اپنا تخلص گلشن رکھا تھا[۴] صاحبِ دیوان شاعر اور ولی دکنی کے استاد تھے' خاص شہرت رکھتے ہیں ان کے علاوہ صوفیہ کے تذکروں میں آپ کے مریدین کے اسماء بھی ملتے ہیں جنہیں طوالت کے خوف سے قلم زد کر دیا گیا ہے' البتہ شیخ محمد عابد سنامی (ف ۱۱۶۰ھ) ایسی شخصیت ہیں جن کے دامنِ تربیت سے بہت سے افراد نے وابستہ ہو کر باطنی فیض پایا ان میں حضرت میرزا مظہر جانِ جاناں شہید (۱۱۱۱۔۱۱۹۵ھ/ ۱۷۰۰۔۱۷۸۱ء) خاص شہرت کے مالک تھے جن سے سلسلہ نقشبندیہ کو بہت فروغ ہوا آپ انہی شیخ محمد عابد سنامی کے خلیفہ تھے۔[۵]

۱۔ ہم نے ان امور کی تفصیلات مقاماتِ مظہری ۴۵۔۵۱ اور مقاماتِ معصومی کے مقدمات میں دے دی ہیں۔

۲۔ تفصیل کے لیے اس مقدمہ سے منسلک شجرات ملاحظہ کریں۔

۳۔ شیخ محمد مراد ننگ کشمیری کے حالات پر ان کے مرید محمد اعظم دیدہ مری نے ''فیضِ مراد'' کے نام سے ایک مستقل کتاب لکھی تھی جو ان شاءاللہ حوزۂ نقشبندیہ سے شائع کی جائے گی۔

۴۔ تفصیلات آگے آ رہی ہیں۔ ۵۔ مقامات مظہری ۲۳۳۔۲۳۷

حضرت وحدت کو اپنے ایک معاصر بزرگ شیخ محمد افضل الہ آبادی[۱] (۱۰۸۸۔۱۱۲۴ھ/ ۱۶۷۷۔۱۷۱۲ء) سے بڑی الفت تھی۔ یہ موانست عرصہ تک غائبانہ رہی لیکن جب الہ آباد کے ناظم سیف خان کی استدعا پر آپ ۱۰۹۴ھ/ ۱۶۸۳ء کو الہ آباد تشریف لائے تو آپ نے متعدد مرتبہ شیخ محمد افضل سے ملاقات کی۔ شیخ نے اپنا رسالہ اثبات الاحوطیہ پیش کیا جسے ملاحظہ فرما کر آپ بہت خوش ہوئے۔[۲]

ایک غلط فہمی کا ازالہ

تعجب ہے کہ ڈاکٹر شمس الدین احمد صاحب جو فارسی مآخذ سے بلا واسطہ استفادہ کر سکتے تھے وہ حضرت مجدد الف ثانی کے والد گرامی مخدوم عبدالاحد فاروقی سرہندی (ف ۱۰۰۷ھ) اور حضرت مجدد الف ثانی کے پوتے شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی (ف ۱۱۲۶ھ) کے مابین فرق نہیں کر سکے۔ فرماتے ہیں

> حضرت مجدد الف ثانی علیہ الرحمت کے والد گرامی حضرت مخدوم شیخ عبدالاحد فاروقی سرہندی بھی مغل حاکم سیف خان کے عہد میں کشمیر میں آئے اور ایک کثیر جماعت آپ کے حلقۂ ارادت میں آئی جن میں بعض نام آور کشمیری دینی بزرگ جیسے محمد امین صوفی، نور بابای پکھلی، حضرت شیخ محمد مراد ٹنگ ۔ جو واقعات کشمیر کے مصنف خواجہ محمد اعظم دیدہ مری کے مرشد تھے، شیخ عبدالرشید اور علامہ مولانا محمد حیدر بھی تھے۔[۳]

مزید تعجب یہ ہے کہ ڈاکٹر شمس الدین احمد صاحب نے مخدوم عبدالاحد کے حالات متاخر ترین مآخذ یعنی سیارہ ڈائجسٹ (اولیائے کرام نمبر)، تاریخ دعوت وعزیمت اور

---

[۱] ۔ شیخ محمد افضل الہ آبادی کے حالات کے لیے ملاحظہ ہو نزہۃ الخواطر ۶/ ۲۷۹۔

[۲] ۔ اجملی، میر نجات الہ آبادی نقشبندی: خازن الشعراء ورق ۱۶۷ ب

[۳] ۔ حضرت خواجہ نقشبند اور طریقت نقشبندیہ، سری نگر کشمیر ۲۰۰۱ء، ص ۳۶۲

رودکوثر سے نقل کیے ہیں۔[۱] انہیں اس سلسلہ میں معاصر مآخذ زبدۃ المقامات اور حضرات القدس سے غالباً واقفیت نہیں ہے کیوں کہ ان کے مآخذ کی فہرست میں یہ دونوں کتابیں موجود نہیں ہیں۔[۲] مخدوم عبدالاحد کے سال وفات ۱۰۰۷ھ جو انہوں نے متاخرترین مآخذ سے نقل کیا ہے پر شک وشبہہ کا اظہار کرتے ہوئے اسے غلط قرار دے کر فرمایا ہے کہ "مخدوم کا سال وفات صحیح نہیں ہے"۔[۳]

لیکن حقیقت یہ ہے کہ مخدوم عبدالاحد کا سال وصال (۱۰۰۷ھ) مذکورہ معاصر مآخذ یعنی زبدۃ المقامات[۴] اور حضرات القدس[۵] میں یہی درج ہے، جن کے مولفین خواجہ محمد ہاشم کشمی اور ملا بدرالدین حضرت مجدد الف ثانی کے خلفاء میں سے تھے اور انہوں نے مخدوم عبدالاحد کے سلسلے میں جو کچھ لکھا ہے وہ حضرت مجدد الف ثانی سے سن کر لکھا ہے جس میں غلطی کا امکان نہیں ہے۔

اگر ڈاکٹر شمس الدین احمد صاحب کے پاس مجددی سلسلہ کے مآخذ ہوتے تو ان سے اس قسم کی غلطی سرزد نہ ہوتی، ڈاکٹر صاحب نے واقعات کشمیر (از محمد اعظم دیدہ مری) میں سے شیخ عبدالاحد کے ورود کشمیر کا جو حال لکھا ہے اس کے پہلے جملہ سے ایسا لگتا ہے کہ وہ مخدوم عبدالاحد (والد حضرت مجدد) سے متعلق ہے لیکن جونہی اس کی اگلی سطور پر غور کریں تو معلوم ہوتا ہے کہ شیخ عبدالاحدا کیلے کشمیر نہیں گئے بلکہ ان کے ساتھ ان کے برادر کلاں سعد الدین محمد اور ان کے فرزند میاں محمد قطب بھی تھے۔[۶]

اب ذرا غور فرمایئے اور جستجو کیجیے کہ مخدوم عبدالاحد کے کوئی بھائی سعد الدین محمد تھے؟ معاصر کتب میں مخدوم کے بھائیوں کے نام نہیں ملتے بلکہ سلسلہ مجددیہ کی کتب

۱۔ حضرت خواجہ نقشبند اور طریقت نقشبندیہ، سری نگر کشمیر ۲۰۰۱ء، ص ۹۲۰

۲۔ ایضاً ۴۱۰ ۳۔ ایضاً ۹۲۷

۴۔ زبدۃ المقامات ۱۲۳ ۵۔ حضرات القدس ۳۴

۶۔ حضرت خواجہ نقشبند اور طریقت نقشبندیہ ۹۲۵

انساب میں واضح الفاظ میں شیخ عبدالاحد وحدت بن حضرت خواجہ محمد سعید کے بڑے بھائی کا نام سعد الدین محمد (ف ۱۱۰۵ھ) ہی درج ہے اور ان کے ایک ہی فرزند تھے محمد قطب الدین۔[۱]

بظاہر اس امر سے واضح ہو جاتا ہے کہ کشمیر کی سیاحت کے لیے مخدوم عبدالاحد نہیں گئے تھے بلکہ شیخ عبدالاحد وحدت گئے تھے' ڈاکٹر شمس الدین احمد صاحب نے ان سے جن وابستگانِ کشمیر کا منقولہ بالا اقتباس میں ذکر فرمایا ہے وہ سب کے سب بارھویں صدی ہجری کے ہیں جن کا مخدوم عبدالاحد (ف ۱۰۰۷ھ) سے کوئی عصری تعلق نہیں ہو سکتا' یہ مسلمہ امر ہے کہ مخدوم عبدالاحد کے فرزند گرامی حضرت شیخ احمد سرہندی مجدد الف ثانی کا ۱۰۳۴ھ کو وصال ہوا طبعی عمر (ولادت ۹۷۱ھ) کے مطابق تھا' اب اگر ڈاکٹر صاحب نے مخدوم عبدالاحد کے ورودِ کشمیری کا جو قیاس زمانہ مابین ۱۰۷۹۔۱۰۸۲ھ بتایا ہے اگر درست فرض کر لیا جائے تو یہ حضرت مجدد الف ثانی کے مسلمہ سال وصال (۱۰۳۴ھ) کے بالکل خلاف ہو جائے گا یعنی حضرت مجدد الف ثانی کی وفات کے ۴۸ سال بعد تک آپ کے والد مخدوم عبدالاحد بقید حیات اور کشمیر میں مصروف ارشاد تھے جو ہر لحاظ سے خلاف واقع ہے۔ ڈاکٹر صاحب نے مخدوم عبدالاحد سے جن وابستگان کشمیر کے حالات اپنے تعلیقات میں دیے ہیں ان میں ایک معروف شخصیت شیخ محمد مراد ننگ کشمیری کی بھی ہے جن کا وصال ڈاکٹر صاحب کے قول کے مطابق ۱۱۳۱ھ ہے اور انہوں نے واقعات کشمیر کے مولف محمد اعظم کو ان کا خلیفہ بھی بتایا ہے جنہوں نے ان کے حالات پر ایک مستقل رسالہ فیض مراد کے نام سے لکھا تھا جس کا ڈاکٹر صاحب بحوالہ واقعات کشمیر میں ذکر کر چکے ہیں۔[۲]

یہ رسالہ انہیں دستیاب نہیں ہوا خوش قسمتی سے رسالہ فیض مراد کا خطی نسخہ پنجاب

۱۔ ہدیہ احمدیہ ۱۸

۲۔ شمس الدین احمد: حضرت خواجہ نقشبند اور طریقیت نقشبندیہ ۹۲۷۔۹۲۸

یونیورسٹی لاہور میں محفوظ ہے اس میں واضح الفاظ میں ۱۰۸۱ھ کو شیخ عبدالاحد وحدت سرہندی بن خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد الف ثانی کا مع اپنے برادر بزرگ شیخ سعدالدین (مع اپنے بیٹے شیخ قطب الدین) کے ہمراہ سرہند سے کشمیر میں ورود فرمانے اور شیخ محمد مراد ٹنگ کے فیض یاب ہونے کے لیے پہلی مرتبہ حاضر ہونے کا ذکر کیا گیا ہے۔[۱] جو ڈاکٹر شمس الدین صاحب کے قیاسی سنین کے عین مطابق ہے۔

اس بحث کا حاصل یہ ہے کہ مخدوم عبدالاحد (ف ۱۰۰۷ھ) والد گرامی حضرت مجدد الف ثانی مذکورہ سنین میں کشمیر نہیں گئے بلکہ حضرت مجدد الف ثانی کے پوتے شیخ عبدالاحد وحدت بن حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد الف ثانی کشمیر تشریف لے گئے تھے۔

بحیثیتِ شاعر

حضرت شیخ عبدالاحد وحدت فارسی اور ریختہ (اردو) دونوں زبانوں کے شاعر تھے' بارھویں صدی ہجری میں لکھے جانے والے شعراء کے اکثر تذکروں میں آپ کو خراجِ تحسین پیش کیا گیا ہے' فارسی میں آپ کا تخلص وحدت[۲] اور ریختہ (اردو و ہندی) میں گل تھا' آپ کے والدِ گرامی نے آپ کی خندہ روئی اور ''شگفتگیِ رخسار'' کے باعث کمسنی میں آپ کو ''گل'' کہہ کر مخاطب کیا تو عوام وخواص میں آپ اسی عرف سے مشہور ہو گئے' مقاماتِ معصومی میں ہے:

آدابِ معرفت وحقیقت معاً بر کمال شگفتگیِ رخسار بہ نہجی درخشاں بودہ کہ حضرت خازن الرحمت از خردسالیہا ایشاں ''گل'' می فرمودند واین نام بہ مرتبۂ اشتہار گرفتہ کہ بسیاری از عوام بہ نامِ دیگر نمی شناسند' حتیٰ کہ اکثر از حضراتِ احمدیہ ہم ''گل صاحب'' می گویند' ہماں مصراع گویا بہ خواست در بارۂ ایشاں سر برزدہ است

۱۔ محمد اعظم: فیض مراد' خطی ورق ۹۔ اب' ۱۰۔ ا

۲۔ چہار چمن ۴''احقر البریہ طالب راہ احدیہ عبدالاحد ملقب بہ وحدت۔۔۔''

۶ ۔ خجل از رنگ و بویش خرمنِ گُل[1]

حضرت وحدت کے فارسی کلام کے دو مجموعے ہم دست ہو چکے ہیں اول چہار چمنِ وحدت جس میں سلسلہ نقشبندیہ کے بعض بزرگوں کے قطعات تاریخ وفات کے علاوہ دیگر منظومات بھی ہیں۔ دوسرا دیوانِ وحدت، جو غزلیات اور دیگر اصنافِ سخن پر مشتمل ہے۔[2]

خود حضرت خواجہ محمد معصوم قدس سرہ نے حضرت وحدت کے اشعار کو ''رنگین'' قرار دیا ہے، ایک مکتوب میں فرماتے ہیں:

رقعۂ شریفہ رسیدہ و مضامینِ دلکش آں دل نشین گردید و اشعارِ رنگینِ آں متلون و ذوقین ساخت[3]

شعراء کے تذکروں میں بھی آپ کے کلام پر عمدہ آراء کا اظہار کیا گیا ہے، بقولِ خوش گو:

اگر چہ اشغالِ باطن فرصت نمی یافت کہ بہ فکرِ سخن پردازد اما دریں کار نیز استاد بود و بسیار معانیِ تازہ و مضامینِ رنگین از و گل می کرد[4]

---

[1] ۔ مقامات معصومی ۳/۴۰۹، حضرت وحدت کے نام و لقب اور تخلص کے بارے میں شیخ محمد مراد کشمیری نے یہ روحانی اشارہ تحریر کیا ہے ''چوں مرشدی و قطبی (حضرت وحدت) در بارہ محبتِ حق وجود امکان خود فانی ساختہ و از ہر دو حلقہ امکان محمد بسبب متابعت ایشاں علیہ الصلوۃ والسلام در گزشتہ و بحقیقت محمدی رسیدہ و حقیقۃ الحقائق را مشرف شدہ و فنای محمدی در یافتہ از کمال بندہ نوازی و از غایت امت پروری ایشاں را در سباط قرب الٰہی رسانیدہ و از بارگاہ صمدی خطاب ''یا عبدی انت منی'' در ومانیدہ و بوحدت تخلص یافتہ احدیۃ و واحدیۃ را دیدہ باز خطاب از بارگاہ مقدس معلٰی در رسیدہ کہ یا عبدی انا معک وانت معی، لہٰذا عبدالاحد نام مبارک ایشاں آمدہ...... (تحقیقات ۷۶)

[2] ۔ تفصیل تالیفات حضرت وحدت کے تحت ملاحظہ کریں۔

[3] ۔ مکتوباتِ معصومیہ ۳/۲۰۵/۲۵۰

[4] ۔ سفینہ خوش گو ۶۹

بقول کشن چند اخلاص:

گاہ گاہی بحسبِ اتفاق زبانِ معجز بیان را یک دو مصرع گلفشاں می فرمود[1]

میر نجان اجملی نے لکھا ہے:

وحدت باوجود فضل و کمال بقول الشعراء تلامیذ الرحمٰن شعر ہم می گفت[2]

بقول رائے ٹیکارام ظفر:

گاہ گاہ بہ عالمِ سخن رونق افزای در رنگِ معانی می شوند از آبِ حیات کرامت مآب است[3]

فارسی کے علاوہ حضرت وحدت ریختہ (اردو) میں بھی شعر کہتے تھے' اردو میں آپ کا تخلص گُل تھا۔ آپ کی ایک اردو غزل میر محمدی مائل دہلوی کے ایک قطعہ میں ملتی ہے' اب تک آپ کی یہی ایک غزل دستیاب ہوئی ہے:

ذرا تو سوچ اے غافل کہ کیا دم کا ٹھکانا ہے
نکل ہی جب گیا تن سوں تو پھر اپنا بگانا ہے
مسافر توں ہے اور دنیا سرائے' بھول مت غافل
سفر ملکِ عدم آخر تجھے درپیش آنا ہے

۱۔ ہمیشہ بہار ۲۶۱

۲۔ خازن الشعراء ورق ۱۶۸۔ا

(روٹوگراف مملوکہ جناب مشفق خواجہ)

۳۔ گلزارِ مضامین (۱۱۹۹ھ) خطی' ۲۳۷

دیگر تذکرہ نویسوں کے بیانات کے لیے ملاحظہ ہو فارسی ادب بعہد اورنگزیب ۳۴۷ اور تذکرہ شعرائے کشمیر/ ۵۲۹۔۵۳۱

مخزن الغرائب (۷۰۶/۵) میں ہے کہ آغاز جوانی میں آپ نے شعر گوئی شروع کی اور آخر عمر میں شعر کہنے سے توبہ کرلی"

لگاتا ہے عبث دولت پہ کیوں دل کوں کہ اب ناحق
نہ جاوے سنگ کچھ ہرگز، یہاں سب چھوڑ جانا ہے
نہ بھائی بند ہے کوئی، نہ یار و آشنا کوئی
ٹک اک جو غور سے دیکھو تو مطلب کا زمانا ہے
لگاؤ یاد میں اس کی نجات اپنی اگر چاہے
عبث دنیا کے دھندے میں ہوا گلؔ کیوں دوانا ہے[۱]

اس غزل میں جو مزاج کی سنجیدگی نظر آتی ہے وہ نقشبندی شعراء کی خصوصیت رہی ہے، سنجیدہ گوئی کا یہ وہ رجحان ہے جو آئندہ دور میں میرزا مظہر جانِ جاناں کے زیر اثر ایک تحریک بن کر ابھرتا ہے۔[۲]

یہ حضرت وحدت کے شاگرد و مریدِ خاص شیخ سعد اللہ گلشن ہی تھے جنہوں نے اپنے شاگرد ولی دکنی کو مشورہ دیا تھا کہ ''یہ تمام فارسی مضامین جن سے اب تک کسی نے کام نہیں لیا اپنے ریختہ میں کام میں لاؤ تم سے کون باز پرس کرے گا[۳]'' یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ ولی نے فارسی شعراء کے انداز پر اردو میں اپنا دیوان مرتب کیا جس نے شمالی ہند کے شعراء کی پہلی نسل کو اس طور پر متاثر کیا کہ اردو شاعری کی باقاعدہ روایت کا آغاز ہو گیا۔[۴]

حضرت وحدت کی اولاد میں بھی شاعری کی روایت قائم رہی، آپ کے فرزند گرامی

---

[۱] ۔ محمد اکرام چغتائی: مائل دہلوی کا ایک اہم تاریخی قطعہ، مقالہ مشمولہ فنون لاہور، ش ۷ دسمبر ۱۹۶۶ء، مائل کا یہ تاریخی قطعہ جناب ڈاکٹر محمد اکرام چغتائی کی دریافت ہے جو انہیں پنجاب یونیورسٹی لاہور کے مرکزی کتابخانہ میں محفوظ بیاض سے ملا ہے۔

[۲] ۔ جمیل جالبی: تاریخ ادب اردو ۲/۱/۱۲۳۔۱۲۴

[۳] ۔ میر تقی میر: نکات الشعراء ۹۴، ولی دکنی گجراتی شیخ علی رضا بن علامہ محمد فرخ بن خواجہ محمد سعید سرہندی کے بھی مرید تھے (کلیات ولی ۸۷)

[۴] ۔ جالبی: تاریخ ادب اردو ۲/۱/۱۲۸۔۱۲۹۔

شیخ محمد نقی (ف ۱۱۴۸ھ) حضرت حجتہ اللہ کے تربیت یافتہ تھے، مولف مقامات معصومی کی روایت ہے کہ حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی بن حضرت خواجہ محمد معصوم شیخ نقی کے کلام کو ان کے والد کے کلام پر ترجیح دیتے تھے:

شعرِ ایشاں (شیخ محمد نقی) مستغنی از توصیفِ واصفان است یکی از معتبران روایت نمودہ کہ حضرت حجتہ اللہ..... شعرِ ایشان را بر شعرِ والدِ شریف شان ترجیح دادند[1]

شعراء کے تذکروں میں نقی سرہندی کے نام سے ان کے کلام کی خوبیاں بیان کی گئی ہیں۔[2] شیخ محمد نقی کے فرزند نواب اظہر الدین خان کو نواب کا خطاب اورنگزیب نے دیا تھا۔[3] قدرت اللہ قاسم کا بیان ہے:

پدرش (انعام اللہ یقین) قطعِ نظر از پیرزادگی بہ مصاحبتِ حضرت فردوس آرام گاہ نور اللہ مضجعہ کلاہِ گوشہ بآسمان می شود خودش در ایام دولت نواب غفران مآب وزیر الممالک عماد الملک غازی الدین خان بہادر بسیار بہ جاہ و مکنتِ ایام بکام دل بسری فرمودہ[4]

نواب اظہر الدین کی شادی مشہور عالمگیری سردار نواب حمید الدین کی بیٹی سے ہوئی تھی، شادی کے بعد شیخ اظہر الدین کو مبارک جنگ بہادر کا خطاب اور ہزاری و پانصدی کا منصب ملا اور وہ امرائے شاہی میں داخل ہو گئے، اردو کے مشہور شاعر انعام اللہ خان یقین (ف ۱۱۶۹ھ/ ۱۷۵۶ء) انہی نواب اظہر الدین خان کے فرزند تھے، جو حضرت میرزا مظہر جان جاناں کے شاگرد اور صاحبِ دیوان شاعر تھے، مشہور شاعر میر تقی میر جب سرہند گیا تو یقین کے دادا شیخ محمد نقی سے ملا تھا، وہ نکات الشعراء میں لکھتا ہے:

باجدش نیز در سرہند ملاقات کردہ بودم، بسیار آدم خوب بامزہ یافتہ شد،

۱۔ مقامات معصومی ۳/ ۴۱۶، ۲۔ صبح گلشن ۵۳۷، عمدۃ المقامات (ص ۲۴۹) میں شیخ نقی کے دو شعر بھی نقل ہوئے ہیں۔ روضۃ القیومیہ (۳۰۲/۱) میں ان کا ایک شعر دیا گیا ہے۔

۳۔ ہدیۂ احمدیہ ۲۴۔۲۵ ، ۴۔ مجموعہ نغز ۳۵۵۔

با فقیر بسلوک و تواضع پیش آمده و ضیافتِ فقیر کرده، تا دیر نشستہ صحبتِ مستوفی داشتم، شعرِ فارسی بطرزِ نیکوی گوید[1]

حضرت وحدت کے نبائر میں سے ولی اللہ اشتیاق بھی اردو کے شاعر تھے' میر تقی میر اور قدرت اللہ شوق وغیرہ نے ان کا ذکر کیا ہے کہ وہ کوٹلہ فیروز شاہ میں سکونت پذیر ہیں ۔[2] اس سے اندازہ لگانا دشوار نہیں کہ وہ کوٹلہ فیروز شاہ میں جو مسکن حضرت وحدت کا تھا' عرصہ تک آپ کی اولاد کے پاس رہا۔

تالیفاتِ حضرتِ وحدت

حضرت وحدت بہت سی کتابوں کے مولف تھے' آپ کے مریدِ مخلص شیخ محمد مراد تنگ کشمیری نے آپ کی تالیفات کی تعداد تیس بتائی ہے، لیکن صوفیہ کے تذکروں میں آپ کی تقریباً پچاس تالیفات کے نام ملتے ہیں ان کتابوں کو دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے اول وہ جو مختلف کتب خانوں میں محفوظ ہیں' دوم وہ کتب جن کے نام تذکروں میں ملتے ہیں لیکن ہمیں تا حال ان کے وجود کا علم نہیں ہے۔

---

[1] ۔میر: نکات الشعراء طبع محمود الٰہی ۸۳، شیخ محمد نقی جن سے میر کی سرہند میں ملاقات ہوئی تھی ۱۱۴۸ھ میں فوت ہو گئے تھے (ہدیہ احمدیہ ۲۴) اس حساب سے جب میر تقی میر سرہند گیا تو اس کی عمر کل تیرہ برس (ولادت میر ۱۱۳۵ھ) تھی اتنے کم سن کی ضیافت اور اس کی شاعری کے بارے میں اظہار رائے سب کچھ بعید از قیاس معلوم ہوتا ہے۔

[2] ۔میر: نکات الشعراء ۲۸، شوق: طبقات الشعراء ۶۵

ولی اللہ اشتیاق کا ذکر انساب اولاد حضرت مجدد الف ثانی کی کتابوں میں نہیں ملتا ممکن ہے وہ حضرت وحدت کی دختری اولاد میں سے ہوں، اس طرح بشیر احمد سرہندی' صابر سرہندی اور عنایت اللہ مشتاق سرہندی کے حالات اردو شعراء کے تذکروں میں ملتے ہیں۔ (طبقات الشعراء شوق ۵۹۳، ۲۴۴، ۳۳۳)

قرأة القارئین

یہ فارسی نثر میں ہے جو قرأت کے اصول وضوابط پر مشتمل ہے' حضرت وحدت نے بتایا کہ وہ اس سے پہلے عربی میں اس موضوع پر ۱۱۰۶ھ کو ''الدرر'' کے نام سے ایک کتاب تالیف کر چکے ہیں' قرأت القارئین انہوں نے نفعِ عام کی غرض سے فارسی میں لکھی ہے اس کا ایک خطی نسخہ کتابخانہ درگاہ پیر مہر علی شاہ، گولڑہ، راولپنڈی میں ہے۔[۱]

خزائن النبوۃ

یہ فارسی نثر میں ہے اور حضرت وحدت نے بڑے والہانہ انداز میں حضور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سیرت پاک لکھی ہے، کتاب کے خاتمہ میں اپنے نعتیہ اشعار دیے ہیں، خود وضاحت فرماتے ہیں:

> الرسالۃ مسماۃ بہ خزائن النبوۃ وہی تاریخ تالیفہا بدانکہ رقیمہ ایں کریمہ حاوی است بر دوازدہ خزینہ وخاتمہ وحُسنِ خاتمہ...... خاتمہ در ایراد بعض اشعارِ نعت او علیہ الصلوٰۃ والتحیۃ باعرض حال شکستہ بال
>
> حسن خاتمہ در ذکر بعض مبشرات طالبات وانا الفیقر عبدالاحد بن خازن الرحمت رحمانی شیخ محمد سعید بن مجدد الف ثانی الشیخ احمد السرہندی قدس سرہما۔

گویا کتاب کے نام خزائن النبوۃ سے اس کا سالِ تالیف[۲] مستخرِج ہوتا ہے، اس کا ایک خطی نسخہ انڈیا آفس لائبریری، لندن میں ہے،[۳] سٹوری[۴] اور مارشل نے بھی اس کا ذکر کیا ہے۔[۵]

۱۔ احمد منزوی: فہرست مشترک ۱/۱۲۳۔۱۲۴ ' ۲۔ اس نام سے صحیح سال تالیف برآمد نہیں ہوتا۔

3- I.O.D. p.636

4- Storey: persian literature, Vol. 1 p.1 , p. 1257

5 - Marshall , D.N: Mughals in India , Vol. p.No.4

سبیل الرشاد

یہ رسالہ بھی فارسی نثر میں ہے، مولف نے اس میں اپنی کتاب ''الجنات ثمانیہ'' کا حوالہ دیا ہے، اس رسالہ میں مقاماتِ سلوک کو مختلف دوائر کی شکل میں واضح کیا گیا ہے۔ یہ رسالہ ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے مرتب کر کے حیدر آباد سندھ سے ۱۹۷۸ء کو شائع کیا۔ اس قسم کے مباحث مولف کے ایک اور رسالہ شواہد التجدید میں بھی پائے جاتے ہیں، مختلف کتابوں میں شواہد التجدید[۱] کے نام سے جو رسائل ہیں وہ اور سبیل الرشاد ایک ہی ہیں۔

برہانِ جلی

یہ عربی نثر میں ہے، مولف عمدۃ المقامات نے اسے حضرت وحدت کی تالیف بتایا ہے[۲] اس کے ابواب وفصول کی تفصیل بتاتے ہوئے مولف خود وضاحت کرتے ہیں:

الحمد لله وسلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ اما بعدفان ......

هذه الرسالة وهی مشتملة علی مقدمة و خمسة فصول و خاتمه وحسن خاتمه ....

المقدمة فی انواع الذکر' الفصل الاول فی فضیلت مطلق الذکر' الثانی فی اثبات الذکر الخفی، الثالث فی فضل الذکر الخفی علی الجهر، الرابع فی فضل کلمة التهلیل و بعض الادعیته االماثوره بالسنة الجلیل الخامس فی بعض حقائق قلب العارف الکامل الخاتمه فی ان اتباع طریقة الصوفیة العلمیة وحسن الخاتمه فی ایراد بعض الحکایات المقیدة والرسالة مسماة بالبرهان الجلی فی فضل الذکر الخفی ......[۳]

۱۔ فہرست مشترک ۲/۱۱۲۶ میں شواہد التجدید کے چار خطی نسخوں کا تعارف کروایا گیا ہے۔

۲۔ عمدۃ المقامات ۲۴۴' ۳۔ برہان جلی کا ایک خطی نسخہ جناب نعیم اختر قمر مجددی' مرید کے کے پاس ہے' دوسرا نسخہ ذخیرۂ شیفتہ، مولانا آزاد لائبریری، مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں ہے۔

آخر میں حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم کے اقوال نقل کیے ہیں، اس کے علاوہ حضرت خواجہ محمد نقشبند حجۃ اللہ (ف ۱۱۱۵ھ) کے نام کے ساتھ ''دام ارشادۃ'' لکھا ہے جس کا مطلب یہ ہے کہ حضرت وحدت نے یہ رسالہ ان کے حینِ حیات تالیف کیا تھا۔

فیض العام

یہ رسالہ عربی نثر میں ہے، مولف نے آغاز میں اس کی تالیف کے بارے میں بتایا ہے:

الحمد لله و سلام علیٰ عباده الذين اصطفیٰ اما بعد فهذه الرسالة شريفه مشتمله علیٰ مسائل ضرورية متعلقه بكل شهر من شهور السنة القمريه مخبرة عما فيها من العبادات العليته و الفعل الخيرات البهية مشعرة بسائر المواسم الدينية و المراسم الشريعة استخر جها من كتب الحديث و الفقه و التفسير و السير المنية..........

هم بها فيض عام وهو تاريخها عند الكرام وفيها اثناعثر بروجانی كل برج منها من النجوم......خاتمه فيها بعض المسائل الغاشيه من الشهور الشمسيه و بعد هاحسن خاتمه فی ايراد معرفة من المعارف العالية وانا الفقير الراجی الیٰ كرم الله الحميد عبدالاحد بن خازن الرحمت محمد سعيد قدس سره المجيد......

حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی کا ذکر احترام کے ساتھ کیا ہے اور دہلی و سرہند کی فضیلت بھی بیان کی ہے۔[۱] (ورق ۲۴۔ا)

الجنات الثمانیۃ

حضرت وحدت کا یہ رسالہ عربی نثر میں ہے اور جب آپ شیخ محمد نقشبند ثانی کے ہمراہ حج کے لیے گئے تو حرمین الشریفین میں احباب کی درخواست پر تالیف کیا' خود لکھا ہے کہ یہ رسالہ حضرت امام ربانی مجدد الف ثانی کے احوال پر لکھی جانے والی دو فارسی کتب حضرات القدس اور زبدۃ المقامات پر مبنی ہے' فرماتے ہیں:

---

[۱] ۔ فیض العام کا ایک خطی نسخہ ذخیرہ شیفتہ' کتابخانہ آزاد' مسلم یونیورسٹی لائبریری' علی گڈھ میں ہے

سبحانک یامن بعث علیٰ راس کل مایة سنته من هذه الامته............

امابعد فیقول اضعف الریة عبدالاحد بن الشیخ محمد سعید خازن الرحمت الصمد قدس نفسه العالیة فی لماخرجت بزیارت الحرمین الشریفین مع امام العصر و قطب الزمان الشیخ محمد نقشبند خلف قدوة العارفین غوث الواصلین الشیخ محمد معصوم قدس سره لشرفت بادراک صحبة الکرام فیها المتمسس جمع مهنم ان او الف الرسالة مشتملة علی احوال جدی المجدد للالف الثانی القطب الربانی الشیخ احمد العمری النقشبندی السرهندی قدسنا الله بسره السامی حیث فکون تذکرة لاصحابه و تبصرة لاحبابه فاستخرجت من مقامات الفارسیه التی صنف اصحابه الثقات مثل الفاضل الکامل الشیخ بدر الدین السرهندی والعارف المحقق خواجه هاشم الکشمی البرها نفوری رساله حاویة لمالابدمن احوال وهی متضمنه علی جنات الثمانیة و خاتمه و حسن خاتمه'

الجنته الاول فی البشارات صدرت بوجوده المسعود قبل ظهوره' الثانیة فی بیان میلاد ونسبه ' الثالثه فی انتسابه فی سلاسل المشائخ الکرام قدس اسرار هم' الرابعة فی طریق مصافحه و سنده فی الحدیث و علم القرأة و غیرها، الخامسة فی ذکر مصنفاته ، السادسة فی ذکر کراماته، السابعة فی ذکر بعض کلماته الطیبه المتضمنه لمکاشفاته العالیه، الثا منه الردالشبهات الوارده علی کلامه، الخاتمه فی حکایات السالکین و الصالحین...... وحسن الخاتمه فی ایراد بعض البشری فی شانه العظیم ......[1]

---

[1] ۔الجنات الثمانیۃ کا ایک خطی نسخہ ذخیرۂ شیفتہ کتابخانہ آزاد مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں ہے۔
جیسا کہ ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں کہ حضرت وحدت نے حضرت حجۃ اللہ کے ہمراہ دومرتبہ حج کیا اول ۱۰۸۹ھ کو دوم ۱۰۹ھ کو آپ نے یہ وضاحت نہیں فرمائی کہ جنات الثمانیہ کون سے سفر کے دوران تالیف کی۔

بدائع الشرائع

یہ بہت مختصر سا رسالہ ہے جو عربی نثر میں ہے اس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

الحمد لله وسلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ فهذه بعض بدائع الشرائع[1]

رسالہ فی قرأة النبی المختار واصحابہ الکبار

رسالہ کا موضوع نام سے ظاہر ہے اس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

الحمد لله وسلام علیٰ عباده الذین اصطفیٰ اما بعد فیقول العبد الراجی الی رحمة الله الحمید عبدالا حد بن العارف بالله الشیخ محمد سعید قدس سره المجید ان هذه النسخه صحف مطهر ة اشتملت علی ماورد من الآثار فی قرأة النبی المختار و اصحابه الکبار و اتباعه الاخیار......

فی الغرض و النقل للیل و النهار ، الصحیفه الاولیٰ فیها ورد فی قرأة صلوة الفجر .[2]

(یہ رسالہ عربی نثر میں ہے)

اسرار الجمعہ

یہ رسالہ جمعہ کے فضائل پر ہے' آغاز یوں ہوتا ہے:

الحمد لله الذی هدانا سبیل الرشاد لکلامه القویم ...... اما بعد فان الله تبارک و تعالیٰ جعل یوم الجمعه سید الایام و عیدا للمسلمین من الخواص و العموام ......[3]

رسالہ نفی الاشارۃ فی الصلوٰۃ

یہ رسالہ رفعِ سبابہ کے موضوع پر ہے جس میں مولف نے نماز کے دوران انگلی اٹھا کر

---

[1] ۔ مجموعہ رسائل حضرت وحدت' ذخیرۂ شیفتہ علی گڈھ (مذکورہ)' [2] ۔ ایضاً' [3] ۔ مجموعہ رسائل حضرت وحدت' ذخیرۂ شیفتہ علی گڈھ (مذکورہ)

اشارہ کرنے سے منع کرتے ہوئے دلائل دیے ہیں۔[1] اس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

سبحانہ من ...... الاشارات فی جبروتہ و حاجت العبارات فی ملکوتہ و کلام علی من اتقیٰ اللہ حق تعالیٰ ...... اما بعد لاتقرر ان حضرت المجدد للالف الثانی [2]

مولانا آزاد لائبریری مسلم یونیورسٹی علی گڈھ میں نواب محمد مصطفیٰ خان شیفتہ کا ذخیرۂ مخطوطات محفوظ ہے۔ جس میں نقشبندی سلسلے کے کئی نادر مخطوطات موجود ہیں' نواب شیفتہ کا اس سلسلے سے قریبی اور گہرا تعلق تھا وہ حضرت شاہ غلام علی دہلوی کے دونوں خلفاء شاہ ابوسعید اور شاہ احمد سعید مجددی سے بیعت تھے اور حضرت شاہ عبدالغنی مجددی سے سلوک کی تکمیل کے بعد خلافت یاب ہوئے تھے۔[3] ان کے ذخیرہ مخطوطات میں حضرت وحدت کے رسائل عربیہ کا یہ نادرالوجود مجموعہ موجود ہے۔[4] یقیناً انہیں یہ مخطوطہ حضرات مجددیہ سے تبرکاً ملا ہوگا۔ راقم احقر کو ۲۵ جولائی ۱۹۸۹ء کو علی گڈھ جا کر یہ ذخیرۂ علمیہ دیکھنے کا موقع ملا ہے جس سے یہ یادداشتیں مرتب کی گئی ہیں۔

خیرالکلام

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہ کے معارف پر اعتراضات کے جواب کے طور پر لکھا گیا ہے' ذخیرہ شیفتہ میں اس کا جو خطی نسخہ ہے اس کے کل ۱۷ اوراق ہیں۔[5]

۱۔ راقم نے مقامات مظہری کے تعلیقات (۱۱۷ تا ۱۲۶) صفحہ ۴۹۳۔۴۹۵ میں اس سلسلہ کے بزرگوں کے مابین جو اختلافات ہوئے اور ان حضرات نے اس موضوع پر جو کتابیں تالیف کی تھیں ان کی تفصیلات بیان کردی ہیں۔ (طبع دوم) ' ۲۔ مشمولہ مجموعہ رسائل وحدت' ذخیرہ شیفتہ' علی گڈھ ' ۳۔ زید' ابوالحسن: مقامات خیر ۶۵۹ ' ۴۔ اس مجموعہ کا تعارف تالیفات حضرت وحدت کے تحت رسالہ فیض العام سے لے کر رسالہ نفی الاشارۃ تک کروادیا گیا۔' ۵۔ قیصر امروہوی: فہرست مخطوطات ذخیرۂ شیفتہ' علی گڈھ ص ۴۶

رسالہ

ذخیرہ شیفتہ میں ہی ۴۱ اوراق کا فارسی نثر میں حضرت وحدت کا ایک رسالہ ہے فہرست کے مرتب نے نہ تو رسالہ کا نام لکھا ہے اور نہ ہی کوئی تفصیل دی ہے۔[۱]

رسالہ دربیان طریقۂ احمدیہ (لطائفِ خمسہ)

یہ رسالہ فارسی نثر میں ہے اور حضرت مجدد الف ثانی شیخ احمد سرہندی قدس سرہ کے طریقہ سلوک کے بارے میں ہے، آغاز یوں ہوتا ہے:

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ امابعد چوں سالک از حجاب ہستی وخود پرستی بیرون آید در دیدۂ بصیرتش بکحل الجواہر معرفت مکتحل گردد............

اس کا ایک خطی نسخہ نیشنل میوزیم آف پاکستان، کراچی میں ہے۔[۲] یہ رسالہ مولانا نور احمد امرتسری مرحوم کی تصحیح سے کنز الہدایات مولف شیخ محمد باقر لاہوری کے ساتھ کحل الجواہر کے نام سے بطور ضمیمہ طبع ہو گیا ہے۔[۳]

دو رسالہ وحدت

جناب جی معین الدین، لاہور کے ذاتی کتب خانہ میں ایک ایسا خطی مجموعہ ہے جس میں حضرت وحدت کے دو رسائل مجلد ہیں لیکن افسوس کہ جلد ساز نے اسے تباہ کر دیا ہے۔ یہ مخطوطہ کرم خوردہ تھا، مالک نسخہ نے اسے جلد ساز کے حوالے کر دیا اسے جس

۱۔ ایضاً ۵۴، ۲۔ عارف نوشاہی: فہرست نسخہ ہائی خطی فارسی موزہ ملی پاکستان ۲۵۹

۳۔ مطبوعہ امرتسر، ۱۳۳۵ھ، مولانا نعیم اللہ بہڑائچی نے معمولاتِ مظہریہ ص ۶۶ میں رسالہ کحل الجواہر کو حضرت وحدت کا ایک مکتوب بتاتے ہوئے من وعن نقل کر لیا ہے۔ جس کے آخر میں بعض اضافات بھی ہیں، حضرت وحدت کے خلیفہ شیخ محمد عابد سنامی کے احوال پر معاصر خطی رسالہ میں بھی ایک رسالہ ''دربیان لطائف خمسہ واصول آنہا'' کے نام سے نقل کیا گیا ہے وہ یہی رسالہ لطائفِ خمسہ ہی ہے۔'' (مقاماتِ مظہری، تعلیقات ۵۶۲، طبع اول)

طرح سمجھ آئی اس نے خود ہی اوراق ملا کر جلد کر دی۔ پہلا رسالہ جس کا کوئی ورق بھی پڑھا نہیں جاتا اس کے ورق ۱۱ پر سرہند شریف کے فضائل بیان کیے گئے ہیں۔ اس میں بعض منظوم حکایات بھی ہیں۔ دوسرا رسالہ بھی اسی ستم ظریفی کا شکار ہو گیا ہے اس کا آغاز منظوم ہے۔ لیکن اوپر بٹر پیپر چسپاں ہونے کے باعث قابلِ قرأت نہیں ہے، بہر حال دونوں کا موضوع تصوف و عرفان ہے۔

رسالہ نقشبندیہ

اس عنوان سے ذخیرۂ شیخ الاسلام عارف حکمت، مخزونہ مکتبہ ملک عبدالعزیز، مدینہ منورہ میں ایک فارسی رسالہ موجود ہے، فہرست ساز نے اسے حضرت وحدت سے منسوب کیا ہے، لیکن عدم فرصت کے باعث ہم یہ رسالہ نکلوا کر نہیں دیکھ سکے۔

رسالہ لطائف

مشہور شاعر میرزا عبدالقادر بیدل نے اپنی بیاض مخزونہ کتابخانہ برٹش میوزیم لندن[1] میں حضرت وحدت کا ایک رسالہ لطائف نقل کیا ہے، ہم نے اپنے سفر برطانیہ (۱۹۸۶ء) کے دوران یہ بیاض دیکھی ہے جس میں حضرت وحدت کا یہ دس ورقی رسالہ بیدل نے محفوظ کر لیا ہے اس کا موضوع لطائف ہے جو سالک منازلِ سلوک کے دوران طے کرتا ہے۔

گلشنِ وحدت

یہ حضرت وحدت کے مکتوبات کا مجموعہ ہے جس کے جامع آپ کے خلیفہ خاص اور کشمیر کے عالم خواجہ شیخ محمد مراد ننگ کشمیری (۱۱۳۱ھ) ہیں، اس میں ایک سو انیس مکاتیب ہیں جن میں سے زیادہ تر جامع کے نام ہیں، بعض دوسرے اصحاب کے نام بھی مکتوبات موجود ہیں، یہ مجموعہ حضرت وحدت کے سوانحی اشارات سے پر ہے حضرت

1- B.M. Ms. Add. No. 16802. ff. 12-23

وحدت کے آخری دو حج جو آپ نے حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی کے ہمراہ کیے کی تفصیلات پہلی مرتبہ اس مجموعہ سے معلوم ہوئی ہیں، مکتوبات کے جامع شیخ محمد مراد کشمیری بن ملا مفتی محمد طاہر کے احوال کے سلسلے میں اسے بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔

شہزادی زیب النساء بنت اورنگزیب کے نام مکتوب نمبر ۴۴، ۴۷ ہیں، بادشاہ فرخ سیر کے نام مکتوب نمبر ۱۰۶ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ حضرت وحدت سے با قاعدہ نقشبندی سلوک کی مشق کر رہا تھا، کشمیر کے صوبہ دار سیف خان کے نام مکتوب نمبر ۵۰ ہے، یہ دو بار کشمیر کا صوبہ دار بنایا گیا اول ۱۰۷۵۔۱۰۷۸ھ/ ۱۶۶۴۔ ۱۶۶۷ء میں، دوم ۱۰۷۹۔۱۰۸۲ھ/ ۱۶۶۸۔۱۶۷۱ء میں شیخ محمد مراد کشمیری مذکور کی سوانح فیض مراد میں حضرت وحدت کے کئی بار کشمیر جا کر قیام فرمانے کا ذکر ملتا ہے۔ جس میں سیف خان کی عقیدت مندی کے واقعات بھی درج ہیں، تواریخ کشمیر میں سیف خان کا آپ کے استقبال کرنے اور اپنے مسکن کے ساتھ ہی حضرت وحدت کو ٹھہرانے اور فیض یاب ہونے کا ذکر بھی کیا گیا ہے۔[1]

گلشن وحدت کا فارسی متن مولانا عبداللہ جان فاروقی کی تصحیح سے 'ادارہ مجددیہ' کراچی سے ۱۹۶۶ء کو طبع ہو چکا ہے۔

خیابانِ وحدت

یہ حضرت وحدت کی فارسی منظومات کا مجموعہ ہے جو خود مصنف نے ۱۰۸۹ھ کو مرتب کیا۔ یہ چار چمن، خاتمہ اور حسنِ خاتمہ پر مشتمل ہے، خود وضاحت فرماتے ہیں:

چمن چمن گلِ حمد ثنا نثار بارگاہِ کبریا آنکہ وحدتِ او را اختلاطِ کثرتِ حجاب نیست...... دربارۂ احقر البریہ طالبِ راہِ احدیہ عبدالاحد ملقب بہ وحدت...... بدانکہ ایں رسالہ ایست متضمن بر چہار چمن و خاتمہ و حسنِ خاتمہ ست و ہر چمن متضمن بر چہار خیابان ست خیابانِ اول در غزلیات، خیابانِ دوم

---

[1] ۔ فوق، محمد دین: تاریخ کشمیر ۲/ ۲۲۵، لاہور ۱۹۱۰ء

در مثنویات، خیابانِ سوم در رباعیات و خیابانِ چہارم در لطائف مکتومہ و جواہرِ غیر منظومہ کہ تعبیر ازاں بہ گلدستہار رفتہ وہی عشرۃ عشرۃ و خاتمہ متضمن بر دو نشمین ست اول در غزلیاتِ بدیعہ در بحر ہای متنوعہ...... دوم در نعت...... و بعض تاریخ...... دحسنِ خاتمہ در ایراد بعض احادیثِ نفیس در مدحِ شعر

ابتدا میں اس مجموعہ کا قطعۂ تاریخ ہے:

خیابانش برارباب حقیقت　　　　خرد از سالِ تاریخش خبر داد

کہ دریاب از خیابانہای وحدت

۱۰۸۹ھ

وفیات کے باب میں حضرت خواجہ محمد سعید، حضرت خواجہ محمد معصوم اور حضرت خواجہ شاہ محمد یحییٰ کے سالہای وفات کی منظوم تواریخ شامل ہیں۔

خیابانِ وحدت کا ایک خطی نسخہ مکتوبہ ۱۰۸۴ھ ڈاکٹر خواجہ محمد سلیم مرحوم سابق استاد پشاور یونیورسٹی[۱]، دوسرا نسخہ مولانا حافظ محمد ہاشم جان مجددی، ٹنڈو سائیں داد، سندھ اور تیسرا نسخہ کتب خانہ خانقاہ نقشبندیہ، کندیاں ضلع میانوالی میں ہے۔

چہار چمن

یہ بھی چار چمن پر مشتمل ہے یعنی چمن ۱ ''وجود'' ۲۔ ''علم'' ۳۔ ''نور'' ۴۔ ''شہود''۔ اس کا خطی نسخہ اول مملوکہ مولانا قدرت اللہ، ساکن بھلوال، سرگودھا، دوم پبلک لائبریری، خیر پور، سندھ[۲] سوم کتب خانہ ندوۃ العلماء لکھنؤ چہارم رضا لائبریری رام پور میں ہے۔[۳]

دیوانِ وحدت

دانشگاہ تہران، ایران میں دیوانِ وحدت کی مائیکروفلم ہے جس کا آغاز اس شعر سے ہوتا ہے:

---

[۱] ۔ منزوی، احمد (مرتب) فہرست مشترک ۳/ ۱۴۴۱، یہ سال کتابت غلط ہے کیوں کہ سال تالیف ۱۰۸۹ھ منقولہ قطعہ سے عیاں ہے۔ [۲] ۔ ایضاً ۳/ ۱۳۹۹

[۳] ۔ فہرست مخطوطات فارسی، رضا لائبریری رام پور، پٹنہ ۱۹۹۵ء، ص ۴۲۲

زہی زگُنہہ کمالت کلیم ناطقہ لال برآستانِ جلالت امین بے پر و بال
نسیم لطفِ تو گر بگذرد ز دارِ جحیم زند ز چشمۂ مشاق جوشِ زلال

دیوانِ وحدت میں حمد ونعت کے بعد غزلیات کی تعداد زیادہ ہے' آخر میں اپنے خاندان کے بزرگوں کے ناموں کے معمے بھی نظم کیے ہیں۔ معما باسم احمد' سعید' معصوم' معموں کے بعد تین دوہڑے ہندی (قدیم اردو) میں ہیں' اس کے بعد اپنے خانوادہ کے اکابر کے مرثیہ کہے ہیں۔ مرثیہ حضرت شیخ احمد مجدد الف ثانی' خازن الرحمت' عروۃ الوثقیٰ خواجہ محمد معصوم' اخوینِ خود' شیخ عبداللہ' شیخ محمد نقی' شیخ محمد اشرف' (قطعات) تاریخہای وصال خواجہ محمد معصوم' شیخ محمد نقشبند ثانی' مرثیہ محمد جواد (برادرِ خود)' مرثیہ شیخ سعدالدین (برادرِ خود)' غزلیات حروفِ تہجی کے اعتبار سے ہیں۔

دیوان کا آخری شعر ہے۔

نیستِ یک لفظ زیں میان مہمل بخدای کریم عز و جل

سالِ کتابت ربیع الثانی ۱۱۲۷ھ ہے یعنی حضرت وحدت کے وصال (۱۱۲۶ھ) کے صرف ایک سال بعد اس کی کتابت ہوئی ہے کاتب نے اپنا نام نہیں لکھا' اصل مخطوطہ سید علی رضا ریحان یزدی کے کتب خانہ میں ہے جہاں سے دانشگاہ تہران کے کتابخانہ مرکزی کے لیے اس کی مائیکروفلم بنائی گئی ہے[۱]، ہم نے اپنے دوسرے سفر ایران ۱۹۹۲ء کے دوران اس مائیکروفلم کا مطالعہ کیا اور چند یادداشتیں مرتب کیں۔

دیوان وحدت کا دوسرا خطی نسخہ ایشیاٹک سوسائٹی آف بنگال' کلکتہ میں ہے' جس پر سالِ کتابت درج نہیں ہے۔[۲]

شعراء کے تذکروں میں حضرت وحدت کے صاحب دیوان شاعر ہونے کا ذکر ملتا ہے' آپ کے معاصر بندرا بن داس خوشگو نے لکھا ہے:

---

[۱] ۔ دانش پژوہ' محمد تقی: فہرست مائیکروفلمہای کتابخانہ مرکزی دانشگاہ تہران ۲/ ۲۳۵

[۲] ۔ منزوی، احمد: فہرست نسخہ ہای خطی فارسی ۳/ ۲۵۹۷

دیوان مختصر از آنجناب یادگار است[۱]

شاہ خوب اللہ الہ آبادی کی بیاض میں حضرت وحدت کے کلام کا انتخاب موجود ہے[۲]، کشن چند اخلاص نے آپ کے دیوان کا ذکر کرتے ہوئے لکھا ہے:

دیوان مختصر ترتیب دادہ واکثر مضامین تازہ بروے کار آوردہ [۳]

دیوان وحدت کے جس خطی نسخہ کی مائیکروفلم (دانشگاہ تہران) ہماری نظر سے گزری ہے اس میں کوئی نثری دیباچہ نہیں ہے، تاہم کشن چند اخلاص کے مذکورہ بالا بیان سے یہی نتیجہ اخذ ہوتا ہے کہ حضرت وحدت نے اپنا دیوان خود ترتیب دیا تھا۔

شرح بیتِ مثنوی

حضرت وحدت نے مثنوی مولانا روم کے مشہور شعر ؎

علم حق در علمِ صوفی گم شود　　　　این سخن کی باورِ مردم شود

کی شرح لکھی ہے، جس کا آغاز اس طرح ہوتا ہے:

الحمد للہ وسلام علیٰ عبادہ الذین اصطفیٰ، اما بعد مولوی معنوی..... فرماید بیت
......علم حق...... آنچہ در حلِ این بیت بہ فہمِ قاصر در آمدہ

اس شرح کا ایک خطی نسخہ کتابخانہ گنج بخش، مرکز تحقیقات فارسی ایران، اسلام آباد میں ہے، [۴] سال کتابت ۱۱۳۱ھ، نمبر ۱۱۳۱۴

اسرار الفقر

اس رسالہ کا ایک خطی نسخہ جناب نذر صابری کے پاس اٹک میں ہے[۵] جس کی اس

۱۔ خوشگو: سفینۂ خوشگو ۳/ ۶۹　۲۔ اجملی، میر نجان نقشبندی: خازن الشعراء ورق ۱۶۸۔ ا

۳۔ اخلاص، کشن چند: ہمیشہ بہار ۲۶۰۔ ۲۶۱ (سال تالیف ۱۱۳۶ھ)

۴۔ منزوی، احمد: فہرست مشترک ۷/ ۲۴۹

۵۔ تسبیحی، محمد حسین: کتابخانہ ہای پاکستان ۱/ ۱۱۵

وقت تفصیل معلوم نہیں ہوسکی۔

مجالسِ وحدت

یہ حضرت وحدت کے ملفوظات ہیں، جو مسلسل اور سنہ وار نہیں ہیں بلکہ جامع شیخ محمد مراد ننگ کشمیری جب کبھی سرہند شریف حاضر ہوتے تو اپنے قیام کے دوران آپ کے فرمودات کو قلم بند کرتے رہتے تھے یا جب حضرت وحدت کشمیر تشریف لے جاتے تو وہاں قیام کے دوران آپ جو کچھ فرماتے جامع انہیں لکھ لیتے تھے، شیخ محمد مراد نے اس مجموعہ کو تحقیقات کا نام دیا ہے، حضرت وحدت نے اپنے ایک مکتوب بنام شیخ محمد مراد سے اپنے مکتوبات اور مجالس کی روداد کی نقل طلب فرمائی ہے۔[1] ان مجالس میں حضرت وحدت کے ایک مرید مخلص شیخ محمد یوسف کنٹ کشمیری مخاطب ہیں، ہر مجلس کو تحقیق کا عنوان دیا ہے اور انہیں خطاب کرتے ہوئے اکثر مقامات پر ''حقیقت آگاہی اخوی محمد یوسف'' سے مخاطب کیا ہے۔ یہ وہی اخوی محمد یوسف کنٹ ہیں جن کے لیے حضرت وحدت نے اپنے کئی مکاتیب بنام شیخ محمد مراد میں بہت سی بشارات تحریر کی ہیں، ایک مکتوب میں ان کے لیے ''اجازت نامہ ارشاد'' بھی ہے۔[2] اس مجموعہ کو مکمل طور پر ملفوظات حضرت وحدت قرار نہیں دیا جاسکتا کیوں کہ اس میں جامع نے اپنے کئی مکاشفات، مکتوبات اور واردات درج کی ہیں۔ ایک مکاشفہ ۱۰۱۱ھ کا ہے اور اس سنہ میں شیخ محمد مراد کشمیری کے سرہند حاضر ہوکر فیض یاب ہونے کا معاصر مولف محمد اعظم نے ذکر کیا ہے۔[3] شیخ محمد مراد کشمیری تین مرتبہ سرہند شریف حاضر ہوئے ہر سفر میں اخوی محمد یوسف ہمراہ ہوتے تھے، پہلا سفر ۱۰۸۱ھ (ڈیڑھ سال قیام)، دوسرا سفر ۱۰۸۶ھ کو کیا تو حضرت وحدت سرہند شریف میں نہیں تھے بلکہ دہلی میں مقیم تھے، شیخ محمد مراد آپ کی خدمت میں دہلی پہنچ گئے پھر تیسرا

۱۔ گلشن وحدت ۱۲/۳۲۴ ، ۲۔ ایضاً

۳۔ ان تمام اسفار کی تفصیلات فیض مراد میں درج ہیں ورق ۱۱۔۱۲ اب

سفر ۱۰۱۱ھ کا ہے۔[۱] گویا کتاب تحقیقات حضرت وحدت کے انہی مذکورہ سالوں کی مجالس کی روداد (ملفوظات و مقولات) پر مشتمل ہے۔

تحقیقات کا ایک خطی نسخہ شیخ محمد مراد کشمیری کے خودنوشت نسخہ سے ۱۲۴۵ھ کو استنبول ترکی میں مولانا محمد خلیل انصاری نے نقل کیا' یہ خطی نسخہ ذخیرۂ شیخ الاسلام عارفِ حکمت مخزونہ مکتبہ ملک عبدالعزیز' مدینہ منورہ میں ہے جس سے کتابخانہ خانقاہ گندیاں کے لیے ظہور حسن نے ۱۳۶۸ھ کو نقل کیا جو اس وقت خانقاہ سراجیہ گندیاں ضلع میانوالی پنجاب پاکستان میں ہے۔[۲]

دوسرے حصے میں ہم حضرت وحدت کی ان تالیفات کے نام لکھ رہے ہیں جن کے خطی نسخوں تک ہماری رسائی نہیں ہوئی اور ان کے صرف نام مختلف تذکروں میں ملتے ہیں:

صاحبِ مقامات معصومی نے حسب ذیل تالیفات کے نام لکھے ہیں جو ہمیں نہیں مل سکیں، گلزار وحدت' خرمنِ گل اور شقائق[۳] نواقض الروافض (عربی سے فارسی ترجمہ) اور تصنیف شریف کے حوالے خود حضرت وحدت نے دیے ہیں۔[۴]

مولف روضتہ القیومیہ نے جنود اللہ کا ذکر کیا ہے۔[۵] اور حضرت حجتہ اللہ محمد نقشبند ثانی کی قیومیت کے اثبات میں بھی رسالہ تالیف کرنے کا ذکر ہے۔[۶]

مقاماتِ معصومی کے مولف نے بتایا ہے کہ حضرت وحدت کی ایک ایسی بیاض بھی ہے جس میں کئی حضرات نے اپنے ہاتھ سے حضرت وحدت کے لیے بشارات قلم بند کی ہیں چنانچہ حضرت خواجہ محمد معصوم نے اپنے دستِ مبارک سے اس بیاض میں ایک

۱۔ فیض مراد ورق ۱۲

۲۔ راقم احقر نے جون ۱۹۷۷ء کو یہ خطی نسخہ کندیاں حاضر ہو کر دیکھا اور منقولہ بالا یادداشتیں مرتب کیں، تحقیقات کی تلخیص فیض مراد میں بھی شامل ہے۔

۳۔ مقامات معصومی ۳/۴۱۲ ' ۴۔ گلشنِ وحدت ۲۵/ ۲۷

۵۔ روضہ ۱/ ۳۰۱ ' ۶۔ ایضاً ۳/ ۲۹۔۳۰

بشارت تحریر فرمائی تھی۔[1] یہ بیاض آپ کے مریدِ مخلص شیخ محمد مراد ننگ کشمیری نے بھی دیکھی تھی، لکھتے ہیں:

آنچہ از بیاض مخدوم مرشد مدظلہ العالی کہ از زبان مبارکہ حجتہ اللہ سلمہ اللہ تعالیٰ شنیدہ...... خودنگاہ داشتند ونقل آں باحقر فرستادند وآں ایں است۔ درباب خود فرمودند کہ بہ خطاب حجتہ اللہ را مشرف ساختند وندادر دادند کہ ہمہ دوستان تو مغفور اند[2]

الدرر (فی علم قرأت) کا آپ نے خود ذکر فرمایا ہے کہ ۱۱۰۶ھ سے قبل ہم نے اس موضوع پر عربی میں رسالہ لکھا تھا۔[3]

صاحبِ عمدۃ المقامات نے آپ کی حسب ذیل تالیفات کے نام لکھے ہیں:

حاشیہ بر بعض اقوال تفسیر بیضاوی، سلسلۃ الجواہر در شرح چہل حدیث، خزائن المودۃ، منشور الدرر فی فضائل السور، صحائف تسعہ، شرح رباعیات خواجہ بزرگ، مناجاتِ کبیر، مناجاتِ صغیر، قصصِ برحق، نشر العطر، شرح کلمہ تسبیح، شرح کلمہ تہلیل، شرح مکتوبات حضرت مجدد الف ثانی۔[4]

رسالہ ردمخالفین حضرت مجدد الف ثانی[5] رسالہ دراحوال حضرت قبلۂ روحانی المجدد للالف الثانی[6] (بسلسلہ ذکر فیض گرفتن حضرت مجدد الف ثانی از حضرت غوث الثقلین)

۱۔ گلشن وحدت ۵۴/۷۰، مقاماتِ معصومی ۳/۲۱۱

۲۔ حسنات المقربین، ورق ۱۷۰ب

(گویا حضرت وحدت اپنے مخلصین کو اس بیاض کی نقلیں فراہم کرتے تھے۔)

۳۔ رک قرأۃ القارئین، ورق ۲

۴۔ عمدۃ المقامات ۲۴۴

۵۔ غلام علی دہلوی شاہ: سبعہ سیارہ ۳۰

۶۔ فقیر اللہ علوی شکار پوری: مکتوبات ۴۹/۳۰۴

شاہ محمد مظہر مجددی دہلوی ثم مدنی نے حضرت وحدت کی ایک مثنوی کا ذکر کیا ہے لیکن کوئی تفصیل نہیں دی۔[1]

حضرت وحدت نے اپنے فرمودات میں لطائف اور ولایات کی تفصیل بیان کرتے ہوئے اپنے رسالہ فوائد نقشبندیہ کا ذکر کیا ہے۔[2]

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی نے حضرت وحدت کے معاصر شیخ ابوالرضا محمد (ف ۱۱۰۱ھ) کی وحدت الوجود وغیرہ کے موضوع پر جو مکاتبت ہوئی وہ انہوں نے انفاس العارفین میں محفوظ کرلی تھی، حضرت وحدت کی مجالس میں شیخ ابوالرضا محمد کی متعدد بار حاضری اور معارف کا بیان بھی قابل توجہ ہے ان کے وصال کے وقت حضرت وحدت ان کے ہاں تشریف فرما تھے، ان کے ساتھ حضرت وحدت کی رشتہ داری بھی تھی[3]

حضرت وحدت نے لطائف المدینہ (تالیف بسال ۱۰٦۸ھ بعمر اٹھارہ سال) میں اپنی ایک تالیف بشاراۃ الحقانیۃ کا ذکر کیا ہے کہ لطائف المدینہ کا خاتمہ اس کتاب سے ملخصاً ماخوذ ہے[4] لیکن خاتمہ میں اس کتاب کے اقتباسات شامل نہیں ہو سکے، گویا حضرت وحدت لطائف المدینہ سے بھی پہلے ایک کتاب بشارات الحقانیہ کے نام تالیف کر چکے تھے اس وقت آپ کی عمر اٹھارہ سال سے بھی کم ہوگی۔

---

[1] ۔محمد مظہر مجددی: مناقب احمدیہ ومقامات سعیدیہ ۲۷

[2] ۔محمد مراد کشمیری: تحقیقات ۱۰۵

[3] ۔ولی اللہ محدث: انفاس العارفین ۱۲۳۔ ۱۴۹، ۱۵۷ وغیرہ

[4] ۔لطائف المدینہ ورق ۲۔۱

ایک اور غلط فہمی کا ازالہ

جناب ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان نے معلوم نہیں شیخ محمد مراد ٹنگ کشمیری (ف ۱۱۳۱ھ) کی مرتبہ کتاب تحقیقات کو کس بنیاد پر حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی سے منسوب کردیا ہے غالباً ان کی غلط فہمی کی وجہ کتابخانہ عارف حکمت میں موجود فہرست مخطوطات فارسی[۱] ہے، جس کے فہرست ساز نے بلا تردد اسے حضرت خواجہ محمد سعید سے منسوب کردیا ہے اور ڈاکٹر صاحب نے مخطوطہ کا مطالعہ کیے بغیر ہی زبدۃ المقامات اور حضرات القدس کے تراجم پر حواشی میں اسے حضرت خواجہ سے منسوب کردیا ہے، ڈاکٹر صاحب لکھتے ہیں:

> خواجہ محمد سعید کا لقب خازن الرحمت ہوا، آپ کی ایک کتاب تحقیقات تصوف اور فقہ سے متعلق مدینہ منورہ میں مکتبہ عارف حکمت میں مخطوطہ کی شکل میں موجود ہے اور وہ محمد یوسف کے نام مکتوبات اور مضامین ہیں۔[۲]

اب اس کتاب کے متن سے کچھ ایسے شواہد پیش کیے جارہے ہیں جن سے اس کے حضرت خواجہ محمد سعید کی تصنیف کی نفی اور شیخ محمد مراد کی تالیف ہونے کے دلائل مل سکیں گے:

> آغاز: للہ الحمد والمنۃ وعلیٰ سید المرسلین الصلوٰۃ والتحیۃ علی ما انعم...... بحقیقت آگاہی اخوی محمد یوسف خطاب نمود وکلمات مغلق تحقیقی می نویسد......

یہ اخوی محمد یوسف کون ہیں؟

اگر ڈاکٹر صاحب قبلہ اس پر غور فرماتے تو انہیں مغالطہ ہی نہ ہوتا' یہ شیخ محمد یوسف وہی ہیں جن کا ڈاکٹر صاحب کے شائع کردہ گلشن وحدت (مکتوبات حضرت وحدت) میں متعدد مرتبہ ذکر آیا ہے یہ شیخ محمد مراد ٹنگ کشمیری کے مریدِ خاص تھے' حضرت وحدت کے اپنے کئی مکاتیب بنام شیخ محمد مراد میں جس اخوی محمد یوسف کے لیے

۱۔ ۱۹۹۹ء کے سفر حرمین الشریفین کے دوران ہمیں یہ فہرست دیکھنے کا اتفاق ہوا تھا۔

۲۔ زُبدۃ المقامات ترجمہ غلام مصطفیٰ خان ص ۴۱۷ حاشیہ' حضرات القدس ۲/۲۱۳

بشارات تحریر فرمائی ہیں وہ یہی محمد یوسف ہیں۔ کئی مکاتیب کا تو موضوع ہی ''بشارات درحقِ اخوی محمد یوسف'' ہے ایک مکتوب میں حضرت وحدت نے انہی اخوی محمد یوسف کے لیے اجازت نامۂ ارشاد ارسال فرمایا ہے۔

یہ شیخ محمد یوسف کنت ہیں جن کی یہ نسبت گلشن وحدت' حسنات المقربین اور فیض مراد میں مذکور ہے یہ دراصل ''کنٹ'' ہے جو کشمیریوں کی ذاتوں میں سے ایک مشہور ذات ہے' گویا وہ مجاز و مرخص وحدت کی طرف سے تھے لیکن شیخ محمد مراد کے زیر تربیت رہے۔

اب غور فرمایئے کہ کتاب تحقیقات بھلا شیخ محمد سعید سرہندی کی تصنیف کیسے ہوسکتی ہے؟ شیخ محمد یوسف کے عروج سے پہلے شیخ محمد سعید علیہ الرحمت کا وصال ہوگیا تھا یعنی ۱۰۷۱ھ کو۔

کتاب تحقیقات کے مرتب شیخ محمد مراد کشمیری نے ابدال کے وجود پر بحث کرتے ہوئے اپنی تالیف ''فوائد رضائیہ'' کا حوالہ دیا ہے۔ اس کتاب کے کسی خطی نسخے کے وجود کا ہمیں تا حال علم نہیں ہے البتہ مولف کے مرید خاص شیخ محمد اعظم دیدہ مری نے اس کتاب کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا ہے کہ شیخ محمد مراد نے اس میں اپنے شیخ گرامی حضرت شاہ علی رضا فاروقی سرہندی بن علامہ محمد فرخ بن خواجہ محمد سعید کے حالات تحریر کیے ہیں، وہ لکھتے ہیں:

> ''فوائدِ رضائیہ دربیان احوال خدمت ولایت دستگاہ حضرت مرشدی شاہ علی رضا سلمہ اللہ تعالیٰ''

یہ بالکل واضح سی بات ہے کہ اگر کتاب تحقیقات حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی قدس سرہ کی تصنیف ہوتی تو آپ اس میں اپنے پوتے (شاہ علی رضا) کے مناقب میں لکھی جانے والی کتاب کا حوالہ کیوں کر دیتے۔ اس سے معلوم ہوا کہ یہ کتاب شیخ محمد مراد کشمیری کی مولفہ ہے نہ کہ حضرت خواجہ محمد سعید کی۔

اس طرح مولف نے اپنے رسالہ خوف ورجا کا بھی اس میں کئی مرتبہ حوالہ دیا ہے جو

بقول شیخ محمد اعظم مذکور انہی شیخ محمد مراد کشمیری کی تالیف ہے۔

مولف شیخ محمد مراد نے ۱۰۱۱ھ کو اپنے ایک مکاشفہ کی اپنے شیخ حضرت وحدت سے تاویل دریافت کی ہے۔

یہ واضح ہے کہ حضرت خواجہ محمد سعید کا وصال ۱۰۷۱ھ کو ہو گیا بھلا اس سنہ میں فوت ہونے والا ۱۱۰۱ھ میں اپنا مکاشفہ کیوں کر لکھ سکتا ہے؟

کتاب تحقیقات میں مولف نے اپنے تمام اجازت نامے اور اسناد ارشاد جمع کر دی ہیں۔لطف کی بات یہ ہے کہ یہ وہ سندیں ہیں جو مولف اپنے مرتبہ مکتوبات حضرت وحدت کے مجموعہ (گلشن وحدت) میں بھی نقل کر چکے ہیں۔ جسے خود ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خان صاحب نے ہی شائع کیا ہے۔

ان مختصر مباحث سے ثابت ہوا کہ کتاب تحقیقات حضرت خواجہ محمد سعید کی تالیف نہیں بلکہ یہ تو حضرت شیخ محمد مراد کشمیری کی تالیف ہے۔

کتاب تحقیقات کے کاتب نے اسے حضرت شیخ عبدالاحد وحدت بن حضرت خواجہ محمد سعید کے مقولات کا مجموعہ قرار دیا ہے' ملاحظہ ہو:

تحت ہذہ النسخۃ المبارکۃ المسمیٰ بہ تحقیقات من مقولات قطب الاقطابی غوث الاعظم حضرت سیدنا ومولانا عبدالاحد بن شیخ محمد سعید......

پھر جن صاحب (ظہور حسین) نے یہ کتاب کتب خانہ عارف حکمت مدینہ منورہ سے خانقاہ گندیاں کے لیے نقل کی ہے۔انہوں نے بھی اسے حضرت وحدت کے ملفوظات ہی بتایا ہے۔اس سلسلہ میں عرض ہے کہ اسے مکمل طور پر حضرت وحدت کے ملفوظات نہیں کہا جا سکتا بلکہ اس میں جامع شیخ مراد کشمیری نے آپ کے فرمودات کے ساتھ آپ کے بعض مکتوبات اور اجازت نامے بھی نقل کیے ہیں' ہمارے نزدیک یہ وہی کتاب ہے جس کی نقل حضرت وحدت نے شیخ محمد مراد کشمیری سے اپنے ایک مکتوب میں طلب کی ہے۔[۱]

۱۔ گلشن وحدت ۱۲/۲۴ (بعض تاملات کے لیے اسی مقدمہ کا عنوان ''ایک غلط فہمی کا ازالہ'' ملاحظہ کریں

حیاتِ حضرت خواجہ محمد سعید کے مآخذ

حضرت خواجہ محمد سعید سرہندی قدس سرہ کے احوال پر اب تک بہت کچھ لکھا جا چکا ہے ان لکھنے والوں میں معاصرین، قریب العہد اور متاخرین سبھی شامل ہیں، ان مآخذ میں مکتوباتِ امام ربانی مجدد الف ثانی، وصالِ احمدی، زبدۃ المقامات، حضرات القدس، مجمع الاولیا، سنوات الاتقیا، طبقات شاہ جہانی، مکتوباتِ معصومیہ، مکتوباتِ سعیدیہ، مقامات احمدیہ و مناقب حضرات معصومیہ، نتائج الحرمین، اسراریہ، ریاض الاولیاء، مفتاح العارفین، گلشنِ وحدت، کواکبِ دریہ[1]، تحفۃ الفقراء، حسنات المقربین، گلزار اسرار الصوفیہ، روضۃ القیومیہ، روضۃ السلام، حسنات الحرمین، عمدۃ المقامات، مقاماتِ معصومی اور لطائف المدینہ (درحالات حضرت خواجہ محمد سعید)، کتبِ تاریخ میں سے عالمگیر نامہ، مآثر عالمگیری، مرآۃ العالم، مرآۃ جہاں نما[2] وغیرہ، ان مآخذ کے ذکر کے بعد لطائف المدینہ کا تعارف کروایا جا رہا ہے۔

---

[1] ۔حضرت وحدت کے سب سے مفصل حالات شیخ محمد ہادی (ف ۱۱۲۳ھ) بن مروج الشریعت محمد عبید اللہ بن حضرت خواجہ محمد معصوم نے مقامات حضرات خمسہ (کواکب الدریہ) کی دوسری جلد میں لکھے ہیں جو حضرت خواجہ محمد سعید کے احوال پر ہے اس میں ضمناً حضرت وحدت کے جو حالات لکھے گئے ہیں وہ بقول صاحب مقامات معصومی ستر (۷۰) اجزا کے مساوی ہیں جو ایک مستقل جلد سے کم نہیں ہیں اس کتاب کے مولف نے حضرات مجددیہ کے احوال و مناقب کی تالیف کے لیے اپنی زندگی کے چالیس سال صرف کیے تھے۔

لیکن افسوس کہ اس پانچ جلدی ضخیم و جسیم کتاب کی کسی جلد کے وجود سے ہم تا حال واقف نہیں ہیں۔

[2] ۔راقم الحروف نے مقاماتِ معصومی کی جلد اول میں ان مآخذ و مراجع کا تفصیلی تعارف کروایا ہے

لطائف المدینہ

لطائف المدینہ حضرت خواجہ محمد سعید بن حضرت مجدد الف ثانی قدس سرہما کے حالات پر عربی نثر میں ایک رسالہ ہے۔ جس کے مولف شیخ عبدالاحد وحدت بن حضرت خواجہ محمد سعید ہیں، یہ کتاب ۱۰۶۷۔۱۰۶۸ھ کو تالیف ہوئی ہے جیسا کہ ہم وضاحت کرچکے ہیں کہ حضرت وحدت کی ولادت ۱۰۵۰ھ کو ہوئی تھی، اس اعتبار سے لطائف المدینہ کی تالیف کے وقت اُن کی عمر صرف ۱۷۔۱۸ سال تھی، اور صاحبِ سوانح حضرت خواجہ محمد سعید بقیدِ حیات تھے۔

مذکورہ سنہ میں جب حضرات مخدوم زادگان سرہند حج کے لیے حرمین الشریفین کے سفر پر گئے تو ان میں سے دو بزرگ صاحبزادگان حضرت خواجہ محمد سعید اور حضرت خواجہ محمد معصوم رحمتہ اللہ علیہما کے احوال وملفوظات ومکاشفات پر ان کے صاحبزادگان نے عربی میں رسائل تالیف کیے ان میں سے اول الذکر کے احوال پر لطائف المدینہ اور ثانی الذکر کے مکاشفات حرمین پر یواقیب الحرمین کے نام سے رسائل تالیف کیے۔ موخر الذکر رسالہ حضرت خواجہ محمد معصوم کے فرزند ارجمند مروج الشریعت محمد عبید اللہ نے لکھا جو حضرت خواجہ محمد معصوم کے حین حیات ہی ۱۰۷۱ھ کو فارسی میں ترجمہ ہوکر مریدینِ سلسلہ میں رائج ہوگیا[1] لیکن اول الذکر یعنی لطائف المدینہ کا ترجمہ نہ ہوسکا جس کی وجہ سے یہ رسالہ صرف عربی خوانِ حضرات تک محدود ہوکر رہ گیا۔

لطائف المدینہ سے پہلا براہِ راست استفادہ شیخ محمد امین بدخشی نے کیا جو حضرات مجددیہ کے سفر حرمین کے دوران ہمہ وقت ان کے ہمراہ رہتے تھے اور اپنی ضخیم کتاب نتائج الحرمین (درحالات شیخ آدم بنوڑی) مرتب کرنے میں مصروف تھے' لکھا ہے کہ

---

[1] ۔ حسنات الحرمین ہمارے مفصل مقدمہ اور ترجمہ سمیت مکتبہ سراجیہ' خانقاہ احمدیہ سعیدیہ' موسیٰ زئی شریف ضلع ڈیرہ اسماعیل خان' پاکستان سے ۱۹۸۱ء کو طبع ہوکر شائع ہوچکی ہے۔

میرے پاس شیخ فرخ شاہ (بن حضرت خواجہ محمد سعید) اور شیخ محمد عبدالاحد وحدت کے نوشتہ مکاشفاتِ حرمین کثیر تعداد میں موجود ہیں:

''...... مکاشفات الحرمین الشریفین کثیر عندی بخط الشیخ فرخ شاہ والشیخ عبدالاحد سلمہما اللہ تعالیٰ[1]''

اس اقتباس میں مکاشفات نوشتہ شیخ عبدالاحد سے مراد یہی لطائف المدینہ ہے' البتہ مکاشفات حرمین نوشتہ علامہ محمد فرخ مجددی کے ہمیں تا حال کسی خطی نسخہ کے وجود کا علم نہیں ہے' گویا حضرت خواجہ محمد سعید کے مکاشفات صرف حضرت وحدت نے ہی نہیں لکھے بلکہ آپ کے فرزند علامہ محمد فرخ نے بھی قلم بند کیے تھے۔

اس کے بعد اس سلسلہ کے اکثر تذکرہ نویسوں نے حضرت خواجہ محمد سعید کے احوال کے بیان میں لطائف المدینہ سے استفادہ کیا ہے۔ ان میں سے حسنات المقربین' تحفۃ الفقراء' مقامات معصومی' روضۃ القیومیہ اور عمدۃ المقامات کے مولفین نے اس سے نقل واقتباس کیا ہے۔

لطائف المدینہ پانچ ابواب (مقالات) اور ایک خاتمہ پر مشتمل ہے۔

پہلا مقالہ حضرت خواجہ محمد سعید کے نسب پر ہے جس میں آپ کے مشائخ طریقت' اسناد حدیث کا بیان' دوسرا مقالہ آپ کے حق میں وہ بشارات ہیں جو آپ کے والد اور شیخ بزرگوار نے دی ہیں اور جن کا ذکر مکاتیب شریفہ میں ہے۔

تیسرا مقالہ بعض مکاتیبِ شریفہ کا بیان جو آیات الفرقانیہ کی تاویلات پر مشتمل ہے۔ چوتھا مقالہ ایسے اسرارِ عظیمہ کے بیان میں ہے جو آپ نے بلاواسطہ اپنے والد حضرت مجدد الف ثانی سے سنے......

پانچواں مقالہ آپ کی بعض کرامات وتصرفات پر اور خاتمہ میں بعض وہ کلمات

---

[1] ۔محمد امین بدخشی: نتائج الحرمین' خطی جلد سوم' مخزونہ کتابخانہ' انڈیا آفس' لندن نمبر Per.ms.Ethe 652 ورق ٦٧ اب

قدسیہ ہیں جو آپ کی کتاب مسمی بشارات الحقانیہ سے ماخوذ ہیں

لطائف المدینہ فصیح عربی میں ہونے کی وجہ سے معتقدین نے زیادہ نقول نہیں کیں جس کے باعث اس کے نسخے بہت ہی کمیاب ہیں۔ اس کا یہ ایک ہی نسخہ ہمیں مل سکا ہے جو اس وقت نیشنل میوزیم آف پاکستان' کراچی میں شمارہ : N . M 1957-1056/2 محفوظ ہے۔ اس سے پہلے یہی نسخہ کتب خانہ سرکار ٹونک[۱] میں (کتب تصوف عربی نمبر ۱۰۵) کے تحت تھا۔

---

[۱] ۔ کتب خانہ سرکار ٹونک سے مراد کتابخانہ وزیر الدولہ (ف ۱۲۸۱ھ/ ۱۸۶۴ء) یا کتب خانہ نواب محمد علی خان (معزولی ۱۲۸۴ھ/ ۱۸۶۸ء) ہے' (مکتوب جناب حکیم محمود احمد برکاتی بنام ڈاکٹر مظہر محمود شیرانی صاحب) نیز ملاحظہ ہو قصر العلم ۱۵۵۔۱۶۶

لطائفُ المَدِیْنَة

ملخص اردو ترجمہ

نقد النصوص کے خطی نسخہ پر حضرت خواجہ محمد معصومؒ کے ایک صاحبزادے کی مہر (۱۱۰۹ھ)   مخزونہ کتابخانہ گنج بخش، اسلام آباد، پاکستان، نمبر ۱۴۲۹

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

.... اما بعد یہ ضعیف بندہ عبدالاحد کہتا ہے کہ مجھ سے اس مقدس سرزمین (مدینہ منورہ) علیٰ ساکنہا السلام والتحیۃ میں بسنے والے برادرانِ طریقت نے التماس کی کہ میں امام العارفین، غوث الواصلین، قطب العلماء الراسخین، قدوۃ الکبراء الوارثین، واقف تاویلاتِ قرآنیہ اوراس کے حقائق کے جاننے والے، مطلعِ متشابہاتِ فرقانیہ اور اس کے حقائق سے واقف، رافعِ اعلام سنتِہ سنیہ، قامع آثارِ بدعتِ شنیعہ قبیحہ، ذوی الکراماتِ عظیمۃ الظاہرہ، آیات المّبینۃ الکریمۃ الباہرہ، ملجائے اہلِ کشف وتصوف...... ......سیدنا ومولانا وبرکتنا شیخ محمد سعید انار اللہ ظلام العالم بنورہ...... میں نے (آپ کے احوال پر) یہ رسالہ تالیف کیا ہے جسے ''لطائف المدینہ'' کے نام سے موسوم کیا ہے۔ یہ پانچ مقالات (ابواب) اورایک فاتحہ پر مشتمل ہے۔

مقالۂ اول۔ حضرت خواجہ محمد سعید مدظلہ العالی کے نسب، آپ کے مشائخِ طریقہ سے انتساب، آپ کی حدیث اور مصافحہ کی اسناد۔

مقالۂ دوم۔ اس میں آپ کے بارے میں آپ کے والد اور شیخ قطب ربانی (مجدد الف ثانی) نے اپنے مکاتیب شریفہ میں جو بشارات تحریر فرمائی ہیں کا بیان۔

مقالۂ سوم۔ آپ نے اپنے مکاتیبِ گرامی میں آیاتِ فرقانیہ کی جو تاویلات کی ہیں ان کا بیان۔

مقالۂ چہارم۔ آپ کے ایسے کلمات جو انِ اسرار عظیمہ پر مشتمل ہیں جو آپ نے اپنے حضرت (والد) سے بلاواسطہ سنے جو تعداد میں کم ہیں اور وہ جو میں نے حرمین الشریفین جاتے ہوئے راستے میں آپ سے سنے......

مقالۂ پنجم۔ آپ کی بعض کرامات وتصرفات کا بیان۔

خاتمہ۔ اس میں آپ کی کتاب ''بشارات الحقانیہ'' میں سے بعض کلماتِ قدس کی نقل، جو کہ درجات، بشارات اور مکاشفات کی جامع ہے۔

مقالہ اول:۔ آپ کے نسب کے بیان میں جو امیر المومنین سیدنا عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ پر منتہی ہوتا ہے، مختلف سلاسل اور اسناد حدیث وغیرہ۔

آپ کا نسب:۔ آپ ابن قطبِ ربانی مجدد الف ثانی شیخ الاسلام حجۃ اللہ علی الانام آیۃ الکبریٰ، وارثِ مقاماتِ محمدیہ، حامل کمالاتِ احمدیہ، سید الخاشعین، امام العارفین، فخر العمریۃ الکرام، شرف فاروقیۃ العظام، قرۃ السلف، اوائل رئیس الخلف الاماثل شیخ احمد سرہندی قدس سرہ بن عارفِ واصل شیخ عبدالاحد بن شیخ زین العابدین بن شیخ عبدالحی بن شیخ محمد بن شیخ حبیب اللہ بن شیخ عارف ربانی امام ہمام رفیع الدین۲ بن خواجہ نور۳ بن خواجہ نصیر بن خواجہ سلیمان بن خواجہ یوسف بن خواجہ اسحاق بن خواجہ عبداللہ بن خواجہ شعیب۴ بن خواجہ احمد۵ بن خواجہ یوسف بن سلطان شہاب الدین علی معروف بہ فرخ شاہ کابلی۶ بن خواجہ نصیر الدین بن خواجہ محمود بن خواجہ سلیمان، بن خواجہ مسعود بن خواجہ عبداللہ بن خواجہ واعظ اکبر بن فواد ابوالفتح بن خواجہ اسحٰق بن سیدنا ابراہیم بن سیدنا ناصر الدین ۷ بن سیدنا عبداللہ۸ بن خلیفہ رسول اللہ امام المتقین امیر المومنین سیدنا ومولانا عمر فاروق۹ رضی اللہ تعالیٰ عنہ۔ فتاویٰ تاتارخانیہ۱۰ کے باب الوصایا سے حضرت عمر کی نسبت الخبر ہیہ۱۱ سمجھ میں آتی ہے۔

انتساب طریقہ نقشبندیہ

آپ کا انتساب طریقہ نقشبندیہ میں اپنے والد اور شیخ قطبِ ربانی حبیبِ سبحانی شیخ احمد عمری کے ذریعے اس طرح ہے کہ آپ (خلیفہ تھے) قطبِ ربانی امامنا خواجہ محمد باقی کے (اس طرح باقی اسماء یوں ہیں) قطبِ ربانی مولانا خواجگی امکنگی، قطبِ ربانی خواجہ مولانا درویش محمد ولی، قطبِ ربانی مولانا خواجہ زاہد ولی، قطبِ ربانی خواجہ عبید اللہ معروف بہ خواجہ احرار، قطبِ ربانی مولانا خواجہ یعقوب (چرخی) خلیفۃ الرحمانی سرِ سبحانی، غوثِ صمدانی خواجہ بہاء الدین معروف بہ نقشبند قدس سرہ الاقدس، قطبِ ربانی خواجہ امیر کلال، قطبِ ربانی محمد سماسی معروف بہ خواجہ بابا، قطبِ ربانی خواجہ علی

رامتینی، قطبِ ربانی خواجہ محمود انجیر فغنوی، قطبِ ربانی خواجہ عارف ریوکری، قطبِ ربانی خواجہ عبدالخالق غجدوانی، قطبِ ربانی خواجہ یوسف ہمدانی، قطبِ ربانی ابی علی فارمدی ۱۲، قطبِ ربانی شیخ ابی الحسن خرقانی، قطبِ ربانی بایزید طیفورِ بسطامی، امامِ ھمام جعفر صادق سبطِ حبیب اللہ، امامِ ھمام قاسم بن محمد بن ابوبکر صدیق خیر الاخیار، سید المرسلین خاتم النبیّین نبی مصطفیٰ و رسولِ مجتبیٰ علیہ وآلہِ الصلوٰت والتسلیمات ۱۳۔

انتساب طریقۂ قادریہ

(حضرت خواجہ محمد سعید) نے اپنے والد اور شیخ مجدد الف ثانی شیخ احمد عمری قدس سرہ سے اور انہوں نے شاہ گدا ابن شاہ سکندر قدس سرھما سے اور انہوں نے شاہ سکندر سے، انہوں اپنے جد قدوۃ المکمل شاہ کمال سے، انہوں نے شاہ فضیل سے، انہوں نے شیخ سید گدا رحمٰن ثانی سے، انہوں نے سید ابوالحسن سے، انہوں نے قطب العالم شمس الدین صحرائی سے، انہوں نے شیخ سید گدا رحمٰن اول سے، انہوں نے قطب العالم سید عقیل سے، انہوں نے قطب العالم سید شرف الدین سے، انہوں نے شیخ سید السادات شاہ عبدالرزاق سے، انہوں نے قطبِ ربانی محبوبِ صمدانی غوث الثقلین سید محی الدین محمد شاہ عبدالقادر جیلانی سے، انہوں نے اپنے والد قطب العالم سید السادات شاہ ابوصالح سے، انہوں نے شیخ سید موسیٰ جنگی دوست سے، انہوں نے شیخ عبداللہ سے، انہوں نے شیخ قطب العالم سید داؤد سے، انہوں نے اپنے والد شاہ سید موسیٰ سے، انہوں نے اپنے والد قطب العالم شاہ عبداللہ مورث سے، انہوں نے اپنے والد قطب العالم شاہ موسیٰ جون سے، انہوں نے اپنے والد شاہ عبداللہ محض سے، انہوں نے اپنے والد سید السادات جامع البرکات حسن مثنیٰ سے، انہوں نے امام المومنین قدوۃ المتقین امام حسن رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے، انہوں نے اپنے والد امام ہدیٰ سید تقی علی مرتضیٰ کرم اللہ وجہہ سے، اور اپنی والدہ فاطمہ زہراء سے، انہوں نے سید المرسلین خاتم النبیّین شفیع المذنبین صلوات اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واخوانہ واصحابہ اجمعین ۱۴ سے

انتساب طریقۂ چشتیہ

